خ ۲۷ م ل

ف ۱۹۱۶۵۵۱

۷۴۷۳

خسرو، امیر یمین الدین

مجنون لیلیٰ

فریدہ کردہ از فاروق حسن شاہ مارہروی بقیمت

سلسلۂ خسروی بہ سرپرستی اعلیٰ حضرت حضور نظام عالی مقام خلد اللہ ملکہ

من عشق وعفّ فمات فھو شھید

تا ہش کہ زغیب شد مسجل

مجنون لیلیٰ بعکس اول

مثنوی

مجنون لیلیٰ

حضرت امیر خسرو دہلوی

بہ تصحیح وتنقید جناب مولانا محمد حبیب الرحمن خاں صاحب حسرت شروانی

باہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

مطبع انسٹیٹیوٹ علی گڈھ میں طبع ہوئی

محمد فاروق حسن مارہروی ١٣٣٥ ھ / ١٩١٧ ع عطیہ حضرت والی سلمہٗ

انتساب

یہ سلسلہ نہایت فخر و مباہات کے ساتھ حسب اجازت

اعلیحضرت بندگان عالی متعالی ہز ہائنس آصف جاہ

مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ

نواب میر سر عثمان علی خاں بہادر

فتح جنگ جی سی ایس آئی، جی سی بی خلد اللہ

ملکہ و سلطانہ وادام اقبالہ کے نام نامی و اسم

گرامی کے ساتھ منسوب و معنون کیا جاتا ہے۔

فہرستِ مضامین

مضمون	صفحہ
مقدمہ	
تمہید	۱
مجنوں لیلیٰ	۴
قصۂ لیلیٰ مجنوں	۵
شخصیات	۱۴
(۱) مجنوں ۱۴ (۲) لیلیٰ ۱۶	
تصویرِ فطرت	۲۰
(۱) بہار ۲۰ (۲) خزاں ۲۱	
(۳) دوپہر کی تپش ۲۳	
واقعہ نگاری	۲۳
(۱) لیلیٰ اور اُس کی ما ۲۴ (۲) مجنوں کی ما ۲۵	
(۳) مجنوں کا باپ ۲۶ (۴) مجنوں کی سرگردانی ۳۰	
(۵) لیلیٰ کے باپ کو پیامِ شادی ۳۱	

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم

مقدّمہ

حسن اتفاق، حضرت امیر خسرو کو سات برس کی عمر میں داغِ یتیمی نصیب ہوا تو انھوں نے اپنے نانا عماد الملک کی آغوشِ شفقت میں پرورش پائی۔ امیر سیف الدین والد کا نام تھا چنانچہ فرماتے ہیں ؎

سیف از سرم برفت و دلِ من دو نیم ماند

دریائے ما رواں شد و دُرِّ یتیم ماند

آج تقریباً سات سو برس کے بعد دوسرے نواب عماد الملک کے فیض تربیت سے کلامِ خسروی کے دُرِّ یتیم تازہ آب و تاب سے دیدۂ روزگار کو روشن کر رہے ہیں نہیں نہیں، طوطیِ ہند کے فرزندانِ معنوی (جو باپ کے دامنِ شفقت سے جدا ہو کر کس مپرسی کی یتیمانہ بیکسی میں مبتلا اور بیدرد کاتبوں کی جفا کاری سے نیم مُردہ بلکہ مردہ ہیں) حیاتِ تازہ حاصل کر رہے ہیں۔ مہمات و جزئیات کالج کے ساتھ ساتھ

اہتمام کُلیّات خسرو کی باگ ایسے روشن دماغ[1] کے ہاتھوں میں ہی جو ادب فارسی کے گھرانے کا چشم و چراغ اور حسرتی مرحوم کا خلف رشید ہی۔

کُلیّات خسرو کے مختلف اجزا تصحیح و تنقید کے واسطے مختلف اہل دانش کے سپرد فرمائے گئے۔ مجنوں لیلی کی خدمت کا ع

قرعۂ فال بنامِ منِ دیوانہ زدند

عذر کیا مقبول نہوا۔ فحملہ الانسان قبول خدمت کے وقت ہرگز وہ دقّت ذہن میں نہ تھی جو پیش آئی۔ قدیم قلمی نسخوں کی صحت پر اعتماد اور کُلّی اعتماد تھا۔ تجربہ کے بعد بالکلیہ زایل ہوگیا۔ جو نسخہ صحت کے لئے مجھکو دیا گیا وہ ایک نسخہ سے منقول اور دوسے مقابلہ شدہ تھا۔ ایک قلمی نسخہ مقابلے کے واسطے مجھکو ملا۔ دوسرا میرے کتاب خانے میں تھا۔ میرے نسخے نے اوّل مقابلہ میں شکست کھائی۔ دوسرے نے بھی بارہا ہتیار ڈالے مگر میں نے آخر تک مقابلہ کیا۔ بہت سے مقامات صحیح ہوگئے۔ تاہم اشعار کی خاصی تعداد کاتبوں کے پنجۂ ظلم سے نکلنے کو تڑپتی رہ گئی۔ ایک اور نسخہ عطا ہوا جو سرسالار جنگ کے کتاب خانہ کا تھا۔ اس سے بھی مدد ملی۔ ضرورت پھر بھی باقی تھی۔ دو نسخے اور دستیاب ہوئے۔ صحت کا قدم آگے بڑہا۔ اب بھی معدودے چند مقام صحت طلب ہیں۔ شوقِ تلاش دل میں ہی۔ اور نسخہ ہاتھ آتا ہے تو انشاءاللہ یہ بھی درست ہوجائیں گے۔

[1] نواب حاجی محمد اسحٰق خاں صاحب بہادر آنریری سکرٹری محمڈن کالج ۱۲

چند مہینے کے مطالعہ کے بعد مثنوی کی طرز بیان سے مناسبت ہوگئی نیز یہ بھی
تجربہ ہوگیا کہ کاتب کہاں کس قسم کی غلطی کرتے ہیں۔ کہیں کہیں اس مناسبت اور
تجربہ سے بھی کام نکلا۔ اگر صحت پر مفصل بحث کروں تو مبحث تو دلچسپ ہوگا لیکن
مقصود سے بُعد ہو جائیگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ جن نسخوں کا ذکر ہوا اُن میں سے تقریباً
ہر ایک پاکیزگی خط، خوبی کاغذ، زیب و زینت اور قدامت کے لحاظ سے نایاب
ہے۔ لیکن اصل مرض کی دوا نہیں یعنی صحت مفقود ہے۔ کاتبوں نے کند چھری سے
خسرو کے معنوی شاہزادوں کو ذبح کیا ہے۔ نہ صرف ذبح کیا ہے بلکہ جہاں ہاتھ
پڑ گیا صاف اُڑا دیا۔ مجھکو حیرت ہے کہ صدہا برس کے دوران میں کسی نے ان
نسخوں کو نہ دیکھا۔ دیکھا تو صحیح نہ کیا اور اگر صحیح سمجھکر دیکھا تو کیا دیکھا۔ ایسا معلوم ہوتا
ہے کہ یہ نسخے محض کتاب خانوں کی زینت تھے۔ صحیح نسخے وہ ہوں گے جو ظاہری
آرایش سے معرا اہل فن کے لکھے ہوئے اور اُستادوں کے زیر مطالعہ رہکر زیور
صحت سے آراستہ ہوئے ہوں گے۔ افسوس کہ اب تک کوئی ایسا نسخہ ہاتھ نہیں
آیا۔ مجھکو قلمی کتابوں سے سالہا سال سے شوق ہے حیف کہ اس تلخ تجربہ نے کاتبوں کا
اعتبار بالکل کھو دیا۔ اسی کے ساتھ بارہا اُن بزرگوں کی محنت و ہمت پر دل سے
آفرین نکلی جنھوں نے قرآن و حدیث کو اہل قلم کی دست برد سے محفوظ کر دیا۔
جزاہم اللہ عنا خیر الجزاء اگر یہ نہوتا تو کیا ہوتا۔ معاذ اللہ خود دین نہوتا۔
البلاء قدیم۔ کاتبوں کے ظلم و ستم کا اندیشہ خود امیر خسرو کو بھی تھا۔

ہر کو نکند بہ طبع قابل
با بعد نوشتنش مقابل
یا بیتے ازیں عدد وکند کم
کم باد و راخلاصی از غم

مگر کاتب کب پروا کرتے ہیں۔ آج اگر امیر خسرو زندہ ہو کر اپنے کلام کی تباہی دیکھیں تو یقیناً فرطِ غم سے پھر زندگی سے خلاص پا جائیں ؎ صائب

ہرگز از چنگیز خاں بر عالمِ صورت نرفت
آں ستم کز کاتباں بر اہلِ معنی می رود

مجنوں لیلےٰ یہ مثنوی خمسۂ خسروی کی تیسری مثنوی ہے جو مطلع الانوار اور شیریں خسرو کے بعد لکھی گئی ۶۹۸ھ میں منظوم ہوئی[1]۔ اس کی تصنیف کے وقت حضرت امیر خسرو کی عمر چوالیس[۴۴] برس کی تھی اور دیوان تحفۃ الصغر وسط الحیوٰۃ اور غرۃ الکمال اور مثنوی قرآن السعدین مرتب ہو چکی تھی۔ امیر خسرو فرماتے ہیں ؎

چوں من بدو نامہ زیں ورق پیش
راندم قلمے بہ نکتۂ خویش

---

[1] ۶۹۸ھ میں امیر خسرو نے تین مثنویاں لکھیں مطلع الانوار، شیریں خسرو اور لیلےٰ مجنوں۔ ان کے اشعار کی مجموعی تعداد دس ہزار بیالیس (۱۰۰۴۲) ہے ۱۲ حسرت شروانی

وله

تاریخ زہجرت آنکہ بگذشت
سالش نود و ست و شش صد و ہشت ۶۹۸

خمسۂ نظامی کی مثنوی کا نام لیلیٰ مجنوں ہے طوطئ ہند نے مجنوں لیلے رکھا۔

نامش کہ زغیب شد مسجّل
مجنوں لیلے بہ عکسِ اوّل

مجنوں لیلیٰ کے اشعار دو ہزار چھ سو ساٹھ ہیں۔

بیتش بہ شمارِ راستی ہست
جملہ دو ہزار و شش صد و شست ۲۶۶۰

نسخہ ہذا میں تعداد اشعار دو ہزار چھ سو آٹھ ہے ۲۶۰۸۔ مختلف نسخوں کے مقابلے سے اڑتالیس کا اضافہ ہوا۔ باون اب بھی کم ہیں۔

قصۂ لیلیٰ مجنوں لیلیٰ مجنوں کی حکایت کا تعلق سرزمین عرب سے ہے۔ اور یہ دو لا غیر فانی ہستیاں عربی نژاد تھیں۔ مردانہ عشق کا لوازمہ شورش اور جوش و خروش ہے عرب کے جذبات نے ہر میدان میں سادگی و صداقت کی قوت سے فتح پائی ہے۔ انھی اوصاف کی مدد سے قیس عامری بھی میدان عشق میں گوئے سبقت لے گیا۔ اُس کا حریفِ شہرت فرہاد سرزمین ایران کا ثمرہ تھا۔ چناں چنیں سے فرصت تھی ع

سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا

قصرِ شیریں کی زیب و زینت کے لئے جوئے شیر کی فکر میں سرگرداں رہا۔ آخر تیشہ نے پانوں پر گر کر کام تمام کر دیا۔ مجنوں کی بے تعلقی کا یہ اثر ہے کہ اُس کی تصویر حماموں میں برہنہ کھینچی جاتی تھی ع

قیس تصویر کے پردہ میں بھی عُریاں نکلا

عشق کی تاثیر دیکھو۔ عربی، فارسی، ترکی، پشتو، اُردو، یہ پانچوں زبانیں اُس کے دمِ گرم کی تاثیر سے منور و تابدار ہیں۔ یورپ کے لٹریچر بھی ان ناموں سے خالی نہیں۔ اور اس طرح ایک عالم آج تک اُس کے زیرِ نگیں ہے۔ اور کوئی دوسرا لٹریچر قیس کا ہمپایہ عاشق پیش نہیں کر سکا۔

اثرِ سوز و گداز کی قوت سے وہ مضامین جو سرزمینِ عرب سے مخصوص تھے فارسی اور اُردو میں شیر و شکر ہو گئے۔ ناقہ، محمل، ساربان، حُدی، صحرا، خارِ مغیلاں، قبیلہ، یہ تمام الفاظ گل و بلبل اور شمع و پروانہ کی مثل باعثِ گرمی ہنگامہ ہیں۔ شعرائے فارسی کی نکتہ سنجی و نزاکت آفرینی نے کیسے کیسے بدیع اسلوب پیدا کئے ہیں۔ چند نمونے ملاحظہ ہوں۔

شفائی اصفہانی ؎

ناقہ را می راند لیلیٰ سوئے خلوت گاہِ ناز
سارباں در رہ حُدی میخواند و مجنوں میگریست

حافظ شیرازی ؎

در رہِ منزل لیلیٰ کہ خطرہاست بسے
شرطِ اوّل قدم آن ست کہ مجنوں باشی

شاپور طہرانی ؎

غمش در نہاں خانۂ دل نشیند
بنازیکہ لیلےٰ بہ محمل نشیند

ملک قمی ؎

رفتم کہ خار از پاکشم محمل نہاں شد از نظر
یک لحظہ غافل گشتم و صد سالہ راہم دور شد

عرفی شیرازی ؎

تقدیر بہ یک ناقہ نشانید دو محمل
سلمائے حُدوث تو و لیلائے قدم را

صائب ترشیزی ؎

داغ فرزندی کند فرزندِ دیگر را عزیز
تنگ تر گیرد ز مجنوں در بغل صحرا مرا

میرزا غالب دہلوی ؎

بہ شرع آمیز و حق می جو ز مجنوں کم نئی بارے
دلش با محمل ست اما سخن با ساربان دارد

عشق مجنوں کی حکایات گوناگوں تصوف میں سرمایۂ درد و مایۂ سوزش ہیں۔ اگر مختلف زبانوں کا وہ کلام جس میں مجنون و لیلیٰ کا ذکر ہے فراہم کیا جائے تو یقین ہی کہ ایک مختصر کتاب خانہ مرتب ہو جائے۔

اس میں سخت اختلاف ہی کہ مجنوں کا وجود واقعی ہے یا فرضی۔ صاحب اغانی نے اس پر مفصل بحث کی ہی۔ متعدد روایتیں فرضی ہونے کی تائید میں نقل کی ہیں۔ ان کا خلاصہ یہ ہی کہ خاندان بنی امیہ کا ایک شاہزادہ کسی پری جمال پر فریفتہ تھا۔ راز عشق چھپانے کے لئے جو اشعار عالم وارفتگی میں کہتا مجنوں کے نام سے کہتا۔ ع

دیوانہ بکار خویش ہشیار

قوی قول یہ ہی کہ مجنوں اور لیلیٰ فی الواقع اس عالم میں تھے۔ نجد اُن کا وطن تھا۔ نجد عرب کا وہ حصّہ ہی جو شام سے متصل اور نہایت شاداب ہی۔ اُس کے سر سبز پہاڑ پھولوں کی خوشبو سے مہکتے ہیں۔ عرار[1] نجد مشہور ہی۔ دونوں قبیلۂ بنی عامر کے چشم و چراغ تھے۔

مجنوں کا نام قیس ہے۔ بعض نے مہدی بھی لکھا ہی۔ نسب قیس بن الملوح بن مزاحم بن عدی بن ربیعہ بن جعدہ بن کعب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ۔ لیلیٰ کا نسب لیلی بنت مہدی بن سعد بن مہدی بن ربیعہ بن الجریش بن کعب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ کُنیّت ام مالک۔ مروان بن حکم اموی کے عہد کا یہ واقعہ ہی (۶۴ھ لغایۃ ۶۵ھ)

---

[1] ایک خوشبودار درخت ۱۲ حسرت

بچپن میں دونوں اپنے اپنے گھر کے مویشی چرایا کرتے تھے۔ اسی عالم میں عشق کا نشو و نما ہوا۔ جب سن بڑھا اور چرچا ہوا تو لیلیٰ اک پردہ ہو گیا۔ فراق سے مجنوں کی شورش بڑھی، شورش کے ساتھ شہرت و رسوائی۔ والدین نے فرط رحم سے شادی کا پیام دیا۔ خانہ رسوائی تباہ، لیلیٰ کے ماں باپ کو داغ بدنامی گوارا نہوا۔ خانہ آبادی سے انکار کر دیا۔ برقِ انکار نے قیس کا خرمنِ ضبط و صبر پھونک دیا۔ کپڑے پھاڑ کر جنگل کو نکل گیا۔ بادیہ نوردی میں عشق کے جوہر چمکے۔ مجنوں سوزِ عشق کے ساتھ عربی فصاحت سے بھی بہرہ یاب تھا۔ ہر موقع کے متعلق اس کے پُر درد اشعار ہیں جو عشق و محبت کے آئین و آئینہ ہیں۔ میں یہاں کچھ نمونے دکھاتا لیکن ایک عبرت خیز واقعہ سے ڈرا ہوا ہوں۔

علامہ شبلی کی کتاب شعر العجم پڑھکر اہلِ ذوق نے یہ داد دی کہ اگر اس میں اشعار فارسی کے بجائے اردو ترجمہ ہوتا تو خوب ہوتا، اشعار فارسی سے بے لطفی ہو جاتی ہے۔ فارسی کا یہ حال ہے تو عربی کا کیا حشر ہوگا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ بادیہ پیمائی میں مجنوں کے ہمدم خاص آہوانِ صحرا تھے۔ یوں رشتۂ ہمدمی سب ودوم کے ساتھ مستحکم تھا۔ بیٹے کی تباہی سے ماں باپ کا دل کڑھتا تھا۔ ایک مرتبہ حرم محترم میں لائے اور کہا کہ خانۂ کعبہ کا پردہ پکڑ کر عشق لیلیٰ سے نجات پانے کی دعا مانگو۔

مجنوں نے پردہ پکڑا اور کہا ؎

	(ترجمہ)
یَا رَبِّ لَا تَسْلُبَنِّی حُبَّھَا اَبَدًا	اے میرے رب لیلیٰ کی محبت میرے دل سے کبھی نہ نکالنا
وَیَرْحَمُ اللّٰہُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنَا	اور خدا اُس بندے پر رحمت کرے جو میری دعا پر آمین کہے

ستم پر ستم یہ ہوا کہ بے درد والدین نے لیلیٰ کی شادی دوسری جگہ کر دی
مجنوں پر تو جو مصیبت گذری ہوگی وہ ظاہر ہے۔ لیلیٰ کی بیتابی وبیقراری نے شوہر پر
زندگی وبالِ جان کر دی اور تنگ آکر بے تعلق ہوگیا۔ مجنوں کبھی کبھی جوشِ وحشت میں
دیارِ جاناں میں آتا اور دردناک اشعار سے لیلیٰ اور اُس کے اہلِ قبیلہ کو بیقرار کر جاتا
آخر لیلیٰ اسی حسرت و یاس میں جان سے گذر گئی۔ مجنوں وفاتِ جاناں کی خبر سُنکر
کب زندہ رہ سکتا تھا۔ نامراد مر گیا۔ یہ ہے عربی قصہ کا خلاصہ۔

مثنوی مولنا نظامیؒ کے عنوان مفصلۂ ذیل ہیں:-

حمد، مناجات، نعت، منقبتِ چاریار، معراج، نصیحت، ترتیب کتاب،
مدحِ ممدوح، دعائے دولت، حسبِ حال، یادگذشتگان، آغاز داستان عشق مجنوں لیلیٰ
نالۂ مجنوں فراقِ لیلیٰ میں، لیلیٰ کے نظارہ کو مجنوں آتا ہے، سید عامری لیلیٰ کے گھر مجنوں کا
پیامِ شادی لے گیا اور ناکام رہا، زاری مجنوں، سید عامری مجنوں کو زیارتِ کعبہ
کے واسطے لے گیا، مجنوں کی دعا، قبیلۂ لیلیٰ مجنوں کی ہلاکت پر آمادہ ہوا، باپ کی
نصیحت مجنوں کو، مجنوں کا جواب، سراپائے لیلیٰ اور اُس کی شورش، لیلیٰ کا باغ میں
جانا، ابن سلام لیلیٰ پر عاشق ہوکر خواستگارِ نکاح کرتا ہے، نوفل کی مجنوں سے
ملاقات اور پرسشِ حال، نوفل کی لڑائی قبیلۂ لیلیٰ سے، مجنوں کی شکایت نوفل کے
نوفل کی قبیلۂ لیلیٰ سے دوبارہ لڑائی، مجنوں کا مکالمہ کوّے سے، لیلیٰ اپنے باپ سے
مجنوں کی مخالفت پر ناخوش ہوتی ہے، لیلیٰ کا نکاح ابن سلام سے، دونوں میں ناموافقت،

مجنوں نے لیلیٰ کے نکاح کا حال سُنا، سید عامری دو بارہ مجنوں کے پاس گیا، پدرِ مجنوں کی وفات، لیلیٰ کا مجنوں کے نام خط، مجنوں کا جواب، مجنوں کی لیلیٰ سے ملاقات باغ میں، ابن سلام کی بیماری اور وفات، لیلیٰ نے زید کو بھیجکر مجنوں کو بلایا، دونوں کی ملاقات، لیلیٰ کی بیماری اور ماں کو وصیت، دلداریِ مجنوں کی، زید نے وفاتِ لیلیٰ کی خبر مجنوں کو پہنچائی، مجنوں لیلیٰ کی قبر پر جان دیتا اور اسی قبر میں دفن ہوتا ہے۔

امیر خسرو نے اپنی مثنوی کے حسبِ ذیل عنوان قایم کئے ہیں: حمد، مناجات، نعت، معراج، مدح بادشاہ، خطاب بہ بادشاہ، حکایت دیوان، نصیحت فرزند کو، حکایتِ شباں، سببِ تالیف، مجنوں کی پیدایش، مکتب نشینی، مکتب میں لیلیٰ بھی ہے، درسِ عشق کی تکرار، افشائے راز، ماں کی فہمایش لیلیٰ کو، پردہ نشینی، مجنوں کی وحشت و بادیہ نوردی، مجنوں کے باپ کا جنگل سے سمجھا کر مجنوں کو ماں کے پاس لانا، ماں کی نصیحت، مجنوں کا باپ لیلیٰ کے یہاں شادی کا پیام دیتا ہے، نفرت کے ساتھ جوابِ انکاری، سردارِ قبیلہ نوفل کا لیلیٰ کے خاندان سے لڑنا، اسی معرکہ میں مجنوں کی جانب سے کوّوں کی ضیافت، مجنوں کی شورش کی ترقی، نوفل نے خود اپنی لڑکی کا نکاح قیس سے کر دیا، مجنوں کا جوشِ وحشت اور قطعِ تعلق، لیلیٰ کا نکاح کی خبر سنکر مجنوں کو خط لکھنا، قیس کا جواب، احباب دھوکہ دیکر مجنوں کو باغ میں لے آئے، دیوانہ گھبرا کر بھاگ نکلا، بلبل سے مکالمہ، سگِ لیلیٰ سے ملاقات، لیلیٰ بیمار پڑتی ہے، خواب میں مجنوں کو دیکھکر شدتِ بیقراری میں ناقہ پر سوار ہوتی اور مجنوں کے پاس جا پہنچتی ہے، لیلیٰ کی مراجعت، مجنوں کی

آہ وزاری، لیلیٰ کی زار نالی، لیلیٰ اسہیلیوں کے ساتھ باغ میں جاتی ہے وہاں مجنوں کا ایک رفیق اُس کو پہچان کر مجنوں کی ایک غزل پر درد و سوزناک آواز سے گاتا ہے، لیلیٰ اُس کو سُنکر بیتابانہ مجنوں کا حال پوچھتی ہے، وہ رفیق امتحاناً مجنوں کی وفات کی خبر سُناتا ہے، لیلیٰ بیقرار ہوکر گھر آتی اور مُبتلائے مرضِ موت ہوتی ہے، بہارِ حُسن کی خزاں، لیلیٰ کی وفات، مجنوں خبرِ مرض سُنکر عیادت کو آتا اور جنازہ دیکھتا ہے، مستانہ ترانہ، دفن کے وقت جان دیتا اور ساتھ دفن ہوتا ہے، امیر خسرو اپنی والدہ اور بھائی کا نوحہ کرتے ہیں، خاتمۂ کتاب۔

داستانِ لیلیٰ مجنوں کا جو خاکہ ہم نے اوپر دکھایا اُس سے عیاں ہوتا ہے کہ قصۂ مذکور میں نہ بزم آرائی ہے اور نہ قصر و ایوان کی آراستگی بتکلف سے مبرا سوز و گدازِ عشق اور مصائبِ فراق کا جانسوز افسانہ ہے اور دشت پیمائی و بادیہ نوردی کی حکایت۔ اس کے لیے جس ساز و سامان کی ضرورت تھی وہ سرکارِ خسروی میں وافر مہیا تھا مبدأ فیاض نے دلِ پر درد اور سینہ سراپا سوز عطا فرمایا تھا۔ حضرت نظام المشایخ قدس سرہٗ دعا میں اُن کے سوزِ سینہ کا واسطہ دیتے تھے، چشتی نسبت جوش و خروش کی ضامن تھی، غزل اُن کا خاص میدان تھی۔ قصۂ مجنوں کی جان تغزل ہے۔ فسانہ کا کمال یہ ہے کہ واقعہ معلوم ہو۔ واقعہ نگاری امیر خسرو کا حصّہ تھی۔ اُن کے دواوین کے مقدمات قیمتی تاریخی معلومات سے مالا مال ہیں جن سے مورخوں نے مدد لی ہے۔ مثنوی مجنوں لیلیٰ میں جو شخصیت (کیرکٹر) ہے بولتی چالتی تصویر ہے۔ ہر قصہ واقعہ سے

ہمسری کرتا ہی۔ شاعر مصور فطرت ہی۔ امیر خسرو کے قلم نے جو تصویریں الفاظ میں کھینچی ہیں وہ مرقع مانی و بہزاد کی یادگار ہیں۔ امیر خسرو کا عہد ۶۵۲ھ سے ۷۲۵ھ تک ہی۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ مولانا نظامی مثنوی کی، سلمان ساوجی قصیدہ کی، اور شیخ سعدی غزل کی زبان مانجھ کر روکش آئینہ کر چکے تھے۔

امیر خسرو ان تینوں اقلیموں کے بادشاہ تھے۔ خود اُن کی شہادت ہی (اور اس سے بڑھکر شہادت کیا ہوسکتی ہی) کہ اُس عہد میں ہندوستان کی فارسی خراسان و ایران کی فارسی سے زیادہ فصیح و صحیح تھی۔ خلاصہ یہ کہ جس پاکیزہ اور پُرسوز زبان کی ایک عشقیہ داستان کے لئے ضرورت ہی وہ مثنوی مجنوں لیلیٰ کی زبان ہے خود فرماتے ہیں۔

آرایش پیکر معانی
بستم بہ سلاست روانی

بعض بعض الفاظ اُس میں ایسے بھی ہیں جو بعد کو متروک ہوگئے مثلاً نا نُترہ، الفنج، ستنبہ، توزی۔ مگر یہ الفاظ ایسے موقع پر استعمال ہوئے ہیں جو پر تکلف ہیں مثلاً دیووں کا قصہ حُسن و عشق کی داستان میں وہی الفاظ ہیں جن پر ایک باکمال شیرازی و اصفہانی فخر کرسکتا ہی۔ فغانی و حافظ کی غزلوں سے مقابلہ کرو ان الفاظ سے بہتر الفاظ نہ پاؤ گے۔ اب ہم مذکورۂ بالا مضامیں کا جُدا جُدا نمونہ دکھاتے ہیں۔

شخصیات (۱) مجنوں (بچہ مکتب میں جاتا ہے)

سالش بشمار پنجم اُفتاد — زد نور بہ چرخ و انجم اُفتاد
شد تازہ چو نیم رستہ سروے — یا بال دمیدہ نو تذروے
(خوبی تشبیہ ملاحظہ طلب ۱۲)
زیرک دلیش چو باز خواندند — در پیش معلمش نشاندند
دانائے رقم زہبر تعلیم — کردش بہ کنار تختہ تسلیم

(ابتدائے عشق مکتب میں)

زانو زدہ قیس بردگرسو — ہم چرب زباں و ہم سخن گو
نازک چو نہال نو دمیدہ — خوش طبع و لطیف و آرمیدہ
شیریں سُخنے کہ ہوش می بُرد — رونق ز شکر فروش می بُرد
نالندہ بہ تختہ در دبستاں — چوں بُلبل مست در گلستاں
لحنش چو شدے بروزنِ گوش — از روزنِ جاں وں شدی ہوش
زاں تن کہ صدائے او شنیدے — جاں رقص کناں بروں دویدے
از نامہ سجاں نورد می داد — از نالہ صدائے درد می داد

نو عمری کی شیریں آوازی میں جو درد کی چاشنی پیدا ہوگئی ہے اُس کی تصویر اِس سے بہتر کیا کھینچ سکتی ہے؟ ع

از نالہ صدائے درد می داد

"چوں بُلبلِ مست در گلستاں" کی تشبیہ اس حال میں اور "یا بال دمیدہ نو تذروے" کی

تنبیہ اوپر کے بیان میں پڑھکر مقابلہ کرو، دونوں موقعوں کی تصویرِ شخصیت آنکھوں میں پھر جائے گی۔

(لیلیٰ کی پردہ نشینی کے بعد)

چوں ماند پریوشِ حصاری — درحجرۂ غم بہ سوگواری
قیس از ہوسِ جمالِ دلبند — در درسِ ادب ندید یک چند
می بست بخامشی دہن را — میداشت بہ حیلہ خویشتن را
آہے بجگر فرو دمی خورد — والماس بہ سینہ خُرد می کرد
زیں ناوکِ غم کہ بے سپر بود — ہر دم خلہ ایش در جگر بود
دُز دیدہ سرشکِ دیدہ می ریخت — وز دیدہ دُرِ چکیدہ می ریخت
زیں گونہ بہ چارۂ کہ دانست — می کرد شکیب تا توانست
چوں سیلِ غمش رسید برفرق — از پردہ بروں فتاد چوں برق
بیروں شد و کرد پیرہن چاک — وافگند بہ تارک از زمیں خاک
گریاں بہ زمیں فتاد بے تاب — برخاک مراغہ کرد چوں آب
میراند ز آب دیدہ رودے — میگفت چو بلبلاں سرودے

غلطید ۱۲

لیلیٰ کے حجاب سے جو بیچینی پیدا ہوئی اُس کو افشا کے خوف سے قیس نے چھپایا۔ اس ضبط کی کشمکش کو چھٹے شعر تک کیسے لگتے ہوئے مضامین و الفاظ میں بیان کیا ہے۔ بالآخر سیلابِ عشق ضبط کے بند کو توڑ کر موج زن ہوگیا۔ بقیہ اشعار میں اُس کی

تصویر ہے۔ بلبل کے ساتھ تشبیہ اس سے پہلے بھی آئی ہے۔ دیکھو پہلے بیان میں بلبل مست کا ترانہ تھا۔ قیس بھی جوشِ نوجوانی میں تھا اور دیدار و ہمنشینی کی قوت دل میں رکھتا تھا۔ جب قوتِ عشق سے مغلوب اور فراق کے صدمہ سے چور ہو گیا تو اس صورت میں گویا شکستہ بال بُلبل کی مُورت بن گیا۔ خود بُلبل بغیر کسی صفت کے غم و درد کی مجسّم تصویر ہے۔

(انتہائے وحشت)

یک روز بہ گاہِ نیم روزاں — کانجم شدہ زآفتاب سوزاں
مجنوں بہ کنار رہ سوادے — می گشت بسان گرد بادے
افروختہ روئے و تن بخوں غرق — در آتش و آب ماندہ چوں برق
بالائش زغم دوتاہ گشتہ — رخسارہ زلف سیاہ گشتہ
ہر جا کہ رسید کرد زاری — بگریست چو ابر نوبہاری
ہر سو کہ شنید بانگ رودے — ق — یا خاست زگوشۂ سرودے
مستانہ برقص پائے افشرد — گہ زندہ شد و گہے فرو مرد

(۲) لیلیٰ (کمالِ جمال)

بود از صفِ آں بتانِ چوں ماہ — ماہے کہ زد آفتاب را راہ
لیلیٰ نامے کہ مہ غلامش — خالش نقطے ز نقش نامش
مشعل کشِ آفتاب و انجم — دیوانہ کُنِ پری و مردم

تاراجگرِ متاعِ جا تہا — بنیادشگافِ خانمانہا

سلطانِ شکرلبانِ آفاق — لشکرشکنِ شکیبِ عشّاق

سرتابقدم کرشمہ و ناز — ہم سرکشِ حسن و ہم سرانداز

نازے وہزار فتنہ در دہر — چشمے وہزارکشتہ درشہر

چشمش زکرشمہ مست و بیہوش — آہو برہ بخواب خرگوش

خنداں چو سمن بہ تازہ روی — شیریں چو شکر بہ تلخ گوی

(خوبی تشبیہ ملاحظہ ہو ۱۲)

از وسوسہ چشم دیو بستہ — تسبیح فرشتگاں شکستہ

نے بُت کہ چراغِ بُت پرستاں — طاؤسِ بہشت و کبکِ بستاں

افگندہ بدوش زلف چوں شست — خود بے خبر و نظارگی مست

معجونِ لبش بہ درفشانی — پروردہ بآبِ زندگانی

خورشید غلام زادۂ اُو — مہ داغِ جبیں نہادۂ اُو

(لیلیٰ کی نوگرفتاری)

واں لعبتِ دردمند و دل تنگ — دل دادہ بباد و ماند بے ننگ

باآنکہ نمش بزیرِ گل بود — سیمائے رخش گواہِ دل بود

خونِ دلش از صفائے سینہ — پیدا چو مے اندر آبگینہ

برچہرہ زشرم پردہ می دوخت — وآتش بدلش گرفتہ می سوخت

(بکلیہ تعبیر کرد ہلتی تھی - نوگرفتاری کے کس قدر مناسب ہے ۱۲)

ہرچند کہ غنچہ بود سربست — می کرد ز بوئے خلق را مست

می سوخت چو مجمر اندروں عُود	میشد بدماغِ مرد ماں دُود

ے مانندِ عود اندرونِ مجمر ۱۲

(وارفتگی پردہ نشینی کے بعد)

افسانہ سرائے شکّریں گُفت	زالماسِ زباں گہر چنیں سُفت
کاں گوشہ نشینِ روئے بستہ	بودے ہمہ وقت دل شکستہ
چوں غمزدگاں بہ خاک خفتے	خاشاک زخوابگہ نہ رُفتے
گاہے زجگر نوالہ کردے	گہ جاں بہ عدم حوالہ کردے
ہمجنسی نہ داشت باکس	مونس غمِ آشنائے خود بس
پرداختہ دل زصبر و آرام	گشتے ہمہ شب چو ماہ بر بام
ہنگامِ سحر زبختِ ناشاد	چوں ابر گریستے بہ فریاد
گفتے چو شبش دراز گشتے	باخود زفراق سرگزشتے

(لیلیٰ انکاح مجنوں کی خبر سنتی ہے)

گوینده این کہن فسانہ	زاں شعلہ چنیں کشد زبانہ
کاں شمعِ نہاں گداز شب خیز	پروانہ صفت بر آتشِ تیز
چوں یافت خبر کہ یار برگشت	واندیشۂ دل قفائے سرگشت
روزے دو سہ در زخلق دربست	وزخونِ دلش زمیں جگر بست
نزدیک بمردن از دمِ سرد	نے رغبتِ خواب و نے غمِ خورد
آنرا کہ دل از شکیب فردست	از شب تا روز یار در دست

او خود غمِ عشق دہشت در کار | شد با غمِ عشق غیرتش یار
کبکے کہ شکستہ بال باشد | شاہین زندش چہ حال باشد
بس کاندۂ سینہ شد فزونش | از دل بہ دہن رسید خونش

پردۂ ضبط میں جو آگ لیلیٰ کو پھونک رہی ہے اُس کے لحاظ سے "شمعِ نہاں گداز" کیسا حسبِ حال و بلیغ ہے۔ شکستہ دلی و مایوسی کی حالت میں نکاحِ مجنوں کی خبر زخمِ کاری بن کر دل کو پارہ پارہ کرتی ہے۔ غیرتِ نسوانی صدمہ کو اور زیادہ جانکاہ بنا دیتی ہے۔ اس حالت کا بیان اس شعر میں ہے ؎

کبکے کہ شکستہ بال باشد
شاہین زندش چہ حال باشد

چکور (جو ایک بھولا بھالا پرند ہے) بازو شکستہ مبتلائے مصیبت ہے۔ ایسی حالت میں شاہین (شکاری جانور) اُس پر آ ٹوٹتا ہے اور زخم پر زخم لگاتا ہے۔ شکاری جانور اچانک اپنے شکار پر حملہ کرتے ہیں۔ اور دفعتہً جو صدمہ پہنچے وہ زیادہ سنگین ہوتا ہے۔ شکستہ خاطر بھولی بھالی لیلیٰ نے نکاحِ مجنوں کی خبر سُنی تو اسی طرح اُس کی جان پر بھی بن گئی۔ نکتۂ بلاغت، شکستہ بال چکور پر جو بے خبری میں حملۂ شاہین سے مُصیبت پڑی اُس کی تشریح نہیں کی بلکہ "چہ حال باشد" کہکر پڑھنے والوں کے قیاس پر چھوڑ دیا کہ جہاں تک چاہیں اندازہ کو وسعت دے لیں۔ الکنایۃ ابلغ من الصراحۃ۔

(لیلیٰ بسترِ مرگ پر)

لیلیٰ کہ بہارِ عالمے بود — ازچشمۂ زندگی نمے بود
آتش زدہ گشت نوبہارش — وزآب برفتہ چشمہ سارش
آں ریشِ کہن کہ در جگر داشت — جاں برد کہ سوئے جاں گزر داشت
آں دل کہ شدش بہ عشق پامال — جاں نیز رواں شدش بہ دنبال
آمیخت بہ سروِ نوجوانش — بیماریِ جسمِ ناتوانش
شعلہ ز تنش چناں بر آمد — کش دود ز استخواں برآمد
پہلو بہ کنارِ بستر آورد — سرکوششِ اجل بہ سر در آورد
گشتش تنِ گوہریں سفالیں — وز بسترِ رنج ساخت بالیں
درآتشِ تپ فتادہ نعلش — یاقوتِ کبود گشت لعلش
گیسو ز شکنجِ ناز ماندش — نرگس ز کرشمہ باز ماندش
شد تیرہ جمالِ صبح تابش — وافتادہ بزردی آفتابش
ہم رنجِ تن و ہم اندہِ یار — یک جاں بدو غم شدہ گرفتار

تصویرِ فطرت

(بہار)

چوں نافہ کشاد بادِ نوروز — بشگفت بہارِ عالم افروز
ابر از صدفِ سپہر یکسر — در گوشِ بنفشہ ریخت گوہر
سرو از عَلَمِ بلند پایہ — بر فرقِ سمن فگند سایہ
از شبنمِ گوہریں شمائل — آراست گلوئے گل حمائل

غنچہ بدر آمد از شبستاں — پر شیر شدش ز ابر پستاں
بیدا ز سرِ خنجر گہر دار — شد بر سرِ یاسمن گہر بار
نازک تنِ لالۂ دل افروز[۱۲] — لرزندہ شد از نسیمِ نوروز
با شاہدِ ومی خجستہ تاباں — گشتند بسر چمن خراماں

(خزاں)

آمد چو خزاں بہ غارتِ باغ — بنشست بجائے بلبلاں زاغ
رخسارۂ لالہ پر زچیں گشت — آئینۂ آب آہنیں گشت
ہر غنچہ کہ جلوہ کرد گستاخ — در ریختن آمد از سرِ شاخ
پر برگ شدہ زمینِ گلزار — چوں مجلسِ کرماں زد دینار
ریزاں گل و لالہ شستہ دست — مالیدہ چنار دست بر دست
ہر سوئے برہنہ گلستانے — چوں راہ فتادہ کاروانے
ز آسیبِ طپانچہائے صرصر — غلطاں بہ زمیں شگوفۂ تر
منقارِ کلاغ بر سرِ گل — مقراض شدہ بہ پرِّ بلبل
شیرازۂ گل گرہ کشادہ — ہر سو ورقے بروں فتادہ
ماندہ ہمہ غنچہائے خوشبوئے — از خندۂ شکّریں ترش روئے
برگے کہ ز باد شد گریزاں — ہر گوشہ دواں فتاں و خیزاں
نرگس کہ ز خواب چشم بستہ — از بانگِ زغن ز خواب جستہ

سوسن ز غبارِ سینہ پُر خار | کازادہ و باخساں سروکار
رخسارۂ یاسمین زمیں سائے | پیمانۂ لالہ باد پیمائے
در زلزلہ سرو راست خانہ | چوں مردم راست در زمانہ
نسریں بہ لتِ زمانہ خوردن | وز شاخ بہ تازیانہ خوردن
گیسوئے بنفشہ خاک بوساں | چوں زلفِ خمیدۂ عروساں
درہم شدہ جعدِ سنبل از باد | شانہ طلب از درختِ شمشاد

لالہ کا رنگ بہار و خزاں دونوں میں دکھایا ہے۔ بہار کی بہار دیکھو ؎

نازک تنِ لالۂ دل افروز

لرزندہ شد از نسیم نوروز

وہی برگِ لالہ خزاں کے صدمے سے پژمردہ ہو کر پر شکن بن جاتا ہے۔ ع

رُخسارۂ لالہ پر زچیں گشت

خزاں کے ہاتھوں جو تباہی باغ پر پڑی اُس کی تشبیہ اُس کارواں سے جس کو قزاقوں نے ابھی ابھی لوٹا ہو کس قدر بلیغ ہے۔ ع

چوں راہ فتادہ کاروانے

خشک پتّوں کو جو ہوا ادھر اُدھر اُڑاتی پھرتی ہے اُس کا تصور باندھ کر اس مصرع کو مکرر پڑھو۔ ع

ہر گوشہ دواں فتاں و خیزاں

خود کھد وگے کہ ہو بہو تصویر کھنچ گئی۔ ”سر و راست“ کے زلزلہ کی تشبیہ راست باز آدمیوں کی پریشان حالی سے جو زمانے کے ہاتھوں نصیب ہوتی ہے کیسی دلکش ہے۔

(دوپہر کی تپش)

یک روز بگاہِ نیم روزاں | کانجم شدہ ز آفتاب سوزاں
جائے نہ کہ دیدہ را برد خواب | ابرے نہ کہ تشنہ را دہد آب
مرغانِ چمن خزیدہ در شاخ | در رفتہ خزندگاں بہ سوراخ
خورشید چنانچہ تیزیِ اوست | بکشادچو مار از آدمی پوست
در حوضہ خشک از آتش و تاب | صد پارہ شدہ زمینِ بے آب
در دشت سرابہائے کیں توز | چوں وعدۂ سفلگاں جگر سوز
مرغابی در آرزوے آبے | خوں خوردہ بگرد ہر سرابے
ریگ از بطِ پختہ در گرانی | چوں تابہ بروزِ میہمانی
از گرمیِ ریگہائے گرداں | پر آبلہ پائے رہ نورداں
ہر کس بچنیں ہوائے ناخوش | در حجرۂ سر دکردہ جاخوش

واقعہ نگاری | افسانہ نگاری کا کمال یہ ہے کہ فرضی قصہ اس انداز سے بیان ہو کہ واقعہ معلوم ہونے لگے۔ اس کے لئے شاعر کو فطرتِ انسانی اور واقعات کا کامل نبض شناس ہونا چاہیئے۔ جن شعرا کو یہ ملکہ حاصل تھا وہی اس میدان کو کامیابی سے طے کر سکے۔ مثنوی مجنوں لیلیٰ میں دو ماؤں کا ذکر ہے ایک مجنوں کی دوسری لیلیٰ کی۔

دونو مائیں اپنے اپنے لختِ جگر کی رُسوائی کا حال سُنتی ہیں۔ مگر نازک فرق یہ ہے کہ ایک لڑکے کی رُسوائی سُنتی ہے دوسری لڑکی کی۔ ظاہر ہے کہ دونو کے فکر و رنج میں ایک لطیف تفاوت ہی۔ حضرت امیر خسرو اس فرق کو پیش نظر رکھکر دونو کا حال لکھتے ہیں۔ اسی طرح جس موقع پر مجنوں کا باپ اور اُس کی ماں اپنے لختِ جگر کو نصیحت کرتی ہی تو وہاں بھی اس نازک فرق کو ملحوظ رکھا ہی جو ایک ما اور ایک باپ کے جذبات اور انداز فہمایش میں ہو سکتا ہی۔

(لیلیٰ کی ماکو اُس کی وارفتگی معلوم ہوتی ہی)

چوں رفت بگوشِ ہر کس ایں راز — وز ہر طرفے برآمد آواز
تا گشت ز گفتگوئے او باش — بر مادرِ لیلی ایں خبر فاش
مادر ز نہیبِ شرمِ اغیار — بنشست بگوشۂ دل افگار
زاں آتشِ دہ زبانہ ترسید — وز سرزنشِ زمانہ ترسید
فرزندِ خجستہ را نہانی — بنشاند ز راہِ مہربانی
گفت اے دل و دیدۂ مرا نور — از روئے تو بادِ چشمِ بد دور
دانی کہ جہاں فریبناک ست — آسودگیش غم و ہلاک ست
ہر کاسہ کہ خوانِ دہر دارد — پنہاں بنوالہ زہر دارد
ہر سرخ گلے کہ در بہارے ست — در دامنِ او نہفتہ خارے ست
تو سادہ مزاجی و تنک دل — وز نیک و بدِ زمانہ غافل

چوں اہلِ زمانہ راوفا نیست | زیشاں طلب وفار وا نیست
ہاں تا نکنی عنانِ دل سُست | کافتادہ خلاص چوں تواں جُست
القصہ شنیدہ ام کہ جائے | داری نظرے بر آشنائے
ترسم کہ چو گرد دایں خبر فاش | بدنام شوی میانِ اوباش
با ایں تنِ پاک و گوہرِ پاک | آلودہ چرا شوی بہر خاک
جائے منشیں کہ چوں نہی پائے | تہمت زدہ خیزی ازچناں پائے
صوفی کہ شود بہ مجلسِ مے | البتہ چکد پیالہ بروے
عشق ارچہ بود بہ صدق و پاکی | خالی نہ بود ز شرمناکی
گر دم نہ زنند کاردانان | چوں باز رہی ز بدگمانان

(مجنوں کی ماں)

در پیش نشست و زار بگریست | گفتا کہ بہ است مرگ ازیں زیست
تا زادہ شد از عدم وجودم | رنجے ز جہاں نیاز مودم
دولت ہمہ عمرم آنچناں داشت | کز اندہِ دہر بر کراں داشت
آزادم داشت بختِ فیروز | ز آسیبِ زمانہ تا بامروز
واکنوں کہ دمید صبحِ پیری | کافوری گشت زلفِ قیری
بالائے چو تیر شد کمانم | و آمد تبِ لرزہ استخوانم
مپسند کہ درچنیں زمانے | سوز دبغمت گستہ جانے

هر دانه بر آر پائے از گل ‏ ‏ ‏ بندی بجدائے خویشتن دل
تا بو که بصبرِ فرخ انجام ‏ ‏ ‏ از کام روا بر آیدت کام
ماہم زپیت چنانکه دانیم ‏ ‏ ‏ جهدے بکنیم تا توانیم

(مجنوں کا باپ)

پیر از جگرِ کباب گشته ‏ ‏ ‏ رُخ شسته به خونِ آب گشته
بگریست بر و به خسته جانی ‏ ‏ ‏ بوسید سرش به مهربانی
میسوخت بزاری از گزندش ‏ ‏ ‏ میداد ز سوزِ سینه پندش
کاے شمعِ دل و چراغِ دیده ‏ ‏ ‏ وے میوهٔ جان و باغِ دیده
با آں خردے که داشت رایت ‏ ‏ ‏ چوں در وحل اوفتاد پایت
دردِ که نهاد برتو ایں بار ‏ ‏ ‏ سودائے که کرد با تو ایں کار
پیرانه سرم گزاشتی چهر ‏ ‏ ‏ بر پیریِ من نیامدت مهر
بودم بگماں که گاهِ پیری ‏ ‏ ‏ مونس شویم بدست گیری
چوں بشکند ایں تنِ سفالیں ‏ ‏ ‏ غمخوار تو باشیم به بالیں
خود گشت دریں سفالِ پُر درد ‏ ‏ ‏ پیش از تنِ من سفالِ تو خورد
دریاب که عمرِ ما بسر آمد ‏ ‏ ‏ طوفانِ اجل بسر در آمد
جنبید درائے کاروانم ‏ ‏ ‏ هودج طلبید ساربانم
بگسست زهِ کمانِ سختم ‏ ‏ ‏ وز زلزله سست شد درختم

گر چون خلفاں شوی جگر سوز | باشد خلف از برائے ایں روز
بشتاب کہ تا درین غم آباد | پیش از اجلم رسی بہ فریاد
زین پس کہ بہ جستنم شتابی | جوئیم بسے و لے نیابی
نقدِ تو ہماں بود کہ چنداں | بینی بہ جمالِ ارجمنداں
با وقتِ عزیز و عیشِ دلکش | یارانِ عزیز را کنی خوش
زیناں نفسے بہ جہل مشمر | عمرست نہ بادِ سہل مشمر
آں تحفہ کہ قیمت ست جانش | ضائع چہ کنی بہ رائگانش
مستی ست بہ لطمہ پست گشتن | وز جامِ نخست مست گشتن
گر واقعہ چند سینہ سوز ست | مردی ز پئے کدام روز ست
زین غم ہمہ گر مراد یار ست | غم ہیچ مخور کہ در کنار ست
گر بر مہِ آسماں نہی ہوش | کوشم کہ رسانمت در آغوش

آپ نے تینوں نظمیں پڑھیں لیلیٰ کی ما جیسے ہی لیلیٰ کے تعلقِ خاطر کا حال سنتی ہی رُسوائی و بدنامی کے خیال سے جگر تھام لیتی ہی اور فرطِ صدمہ سے ایک گوشہ میں جا بیٹھتی ہی۔ بالآخر سنبھلتی اور لیلیٰ کو تنہائی میں سمجھاتی ہی۔ شرم و غیرت کے جذبات کو ابھار کے اور بدنامی و رسوائی سے خوف دلا کر اُس کا خیال بدل دینے کی کوشش کرتی ہی۔ یہ بھی سمجھاتی ہی کہ ابنائے زمانہ بیوفا ہیں دھوکا نہ کھانا چاہیئے صنفِ نازک کے خیال میں مرد ایک خود غرض مخلوق ہی۔ اُسی کی جھلک اس نصیحت میں ہی۔ ابتدائے

محبت میں عموماً اپنی پاک بازی پر بھروسہ اور یہ گمان ہوتا ہی کہ ہم پاک باز ہیں تو ہم کو کوئی بُرا کہنے کا کیا حق رکھتا ہی۔ لیلیٰ کی ماں اس خیال کی بھی تردید کرتی ہی ؎

صوفی کہ رود بہ مجلسِ مے
البتہ چکد پیالہ بردے

بالآخر بقیہ شبہ بھی رفع کردیتی ہی ؎

گردم نہ زنند کاروانان
چوں باز رہی زبدگمانان

اہلِ خرد بدنام کرنے سے احتیاط بھی کریں تو بدگمانوں سے کب پناہ مِل سکتی ہی غالباً ایسے موقع پر اس سے بہتر نصیحت کا پیرایہ نہیں ہو سکتا۔

مجنوں کی ما اپنے فرزند کی گرفتاری کا حال سُن کر اُس کو اس پیرایہ میں سمجھاتی ہی کہ اب تک میں آرام سے رہی ہوں اب مجھکو صدمۂ جانکاہ مت دے۔ پھر اُس کو مردانہ ہمت یاد دلا کر ضبط وصبر کی جانب رہنمائی کرتی اور بالآخر حصول مدعا میں حتی الامکان کوشش کی تسلّی دیتی ہے۔ مجنوں کا باپ بھی یہی نصیحت کرتا ہی مگر مردانہ لہجہ وانداز میں وہ کہتا ہی کہ اولاد بڑھاپے کا سہارا ہوتی ہی۔ مجھکو بھروسہ تھا کہ پیری کے وقت تو میری دست گیری وہمدردی کرے گا مگر تو خود ہمدردی و دست گیری کا محتاج ہی۔ پھر اپنے بڑھاپے پر اُس کو رحم دلانے کی کوشش کرتا ہی۔ دوست احباب کے جلسے یاد دلا کر اُس طرف طبیعت کو مائل کرتا ہی۔ عمر کے گرانمایہ ہونے

اور بیکار رنہ کھونے کا فلسفہ سمجھاتا ہی۔ اور اُس کی دانشمندی سے اپیل کرتا ہے۔ ع

یا آں خرِدے کہ داشت رہت

پھر مردانہ جذبات کو تحریک میں لاکر صبر وضبط کی تلقین کرتا ہی۔ بالآخر یہ کہتا ہی کہ کچھ بھی ہو اُس کا دامنِ مقصود بھر دیا جائے گا۔

دیکھو ما اپنی ضعیفی و بیکسی اس طرح بیان کرتی ہی:

واکنوں کہ دمید صبحِ پیری | کافوری گشت زلفِ قیری
بالائے چو تیر شد کمانم | وآمد بہ تزلزل اُستخوانم
مپسند کہ درچنیں زمانے | سوزد بغمت گسستہ جانے

باپ بڑھاپے اور ناتوانی کا یوں اظہار کرتا ہی:

دریاب کہ عمرِ ما سر آمد | طوفانِ اجل بسر در آمد
جنبید درائے کاروانم | ہودج طلبید ساربانم
بگسست زہِ کمانِ سختم | وز زلزلہ سست شد درختم
گر چوں خلفاں شوی جگر سوز | باشد خلف از برائے ایں روز

ان دو شعروں کا مقابلہ کرو، زنانہ عجز اور مردانہ قوت کا پتا لگے گا:

ما
بالائے چو تیر شد کمانم
وآمد بہ تزلزل اُستخوانم

باپ
بگسست زہِ کمانِ سختم
وز زلزلہ سست شد درختم

وعدہ کوشش کا فرق:

ما
ما ہم زپیت چنانکہ دانیم
جہدے بکنیم تا توانیم

یعنی جہاں تک ہم سے ہو سکے گا کوشش کرینگے۔

باپ
زیں غم ہمہ گر مراد یارست
غم ہیچ مخور کہ در کنارست
گر بر مہ آسماں نہی ہوش
کوشم کہ رسانمت در آغوش

اپنا مقصود اپنے دامن میں آیا سمجھ۔ آسمان کا چاند بھی ہے تو اُس کو تیرے پاس لانے کی کوشش کروں گا۔

ایک اور واقعہ کی تصویر: مجنوں جوشِ جنوں میں سرگرداں ہے۔ مخلوق کا پیچھے ہجوم ہے۔ دیوانوں کے اُستاد لڑکے بھی سرگرمِ ضیافت ہیں:

می رفت چو باد کوہ بر کوہ — خلقے زپیش دواں بانبوہ
ہر کس بہ لطافتِ جوانیش — میخورد فسوسِ زندگانیش
اینش زدرونہ پندمی داد — وانش بہ جفا گزندمی داد
طفلاں بہ نظارہ سنگ در دست — اینش زد و آں شکست داد و خست

باوجود اس جور و جفا کے مجنوں کا کیا حال تھا:

باآں شغبے کہ در گزر بود | دیوانہ زخویش بے خبر بود
میراند زآبِ دیدہ روئے | می گفت چو بلبلاں سروئے

زیادہ تشریح کی حاجت نہیں۔ لڑکوں کے سارے طوفان بے تمیزی کا نقشہ اس ایک مصرع میں کھینچ کر دریا کوزے میں بند کردیا ہے۔ ع

ایں شُ زد و آں شکست و خوست

چوٹ کی یہ تین ہی قسمیں ہوسکتی ہیں۔ خفیف، شدید، مہلک۔

ایک اور واقعہ نگاری: بعدِ دعوت مجنوں کا پیامِ شادی دیا گیا۔ اس کو سن کر لیلیٰ کے باپ کا حال اور جواب:

ایں قصہ کہ کرد میزباں گوش | از بس خجلی بماند خاموش
برخود قدرے چو مار پیچید | وانگہ بجوابِ دُر بسنجید
گفتا چہ کنم کہ میہمانی | ورنہ کنم آں سزا کہ دانی
ہر نکتہ کزاں کسے برنجد | رنجیدہ شود کسے کہ سنجد
شخصے کہ زنقشِ ناسرانجام | مارا بقبیلہ کرد بدنام
دیوانہ و مست و لاابالی | وز مردمی زمانہ خالی
از بے ننگی فتاد در ننگ | از بے سنگی بہ خوردنِ سنگ
خلق از خبرش بہ کوچہ و در | انگشت بہ گوش و دست بر سر
زیں گونہ حریفِ ناخردمند | در خورد کجا بود بہ پیوند

لڑکی کا پیام سُن کر جو حجاب ہوتا ہے اُس کی تصویر۔ ع

از بس خجلی بماند خاموش

مجنوں کی حالت کی وجہ سے پیام کی ناگواری۔ ع

بر خود قدرے چو مار پیچید

یہ تین مضمون صاف کہہ رہے ہیں کہ یہ قصہ سرزمین عرب کا ہے:

ع گفتا چہ کنم کہ میہمانی

ع مارا بہ قبیلہ کرد بدنام

ے وانگہ بخدای خداوند
از صدقِ عقیدہ خورد سوگند
کیں در نشود کشادہ تا دیر
گر کار زباں رسد بہ شمشیر

ایک بار لیلیٰ ناقہ پر سوار ہو کر مجنوں کے پاس گئی ہے۔ مجنوں کے ہمدم ہر قسم کے درندے تھے اِس واقعہ کے بیان میں یہ پہلو امیر خسرو کے نکتہ سنج قلم سے فروگذاشت نہیں ہوتا کہ اونٹ درندوں سے ڈرتا ہے۔ لیلیٰ کا ناقہ درندوں کی بُو سونگھ کر رُک جاتا ہے:

او خفتہ و گرد او دد انش   شیرانِ شکار پاسبانش
مجنوں ۱۲
از بوئے دوانِ صید فرسائے   از کار بشد جمازہ را پائے

اس ملاقات کی خوشی درندوں کے سوا کون مناتا۔

از عشرتِ آں دو مستِ بے جام　　　در رقص درآمدہ دد و دام

کانٹے بھی حاضر ہیں ؎

ہر خار کشیدہ دُور باشے
می کرد بچشمِ بد خراشے

سحرِ حلال | شاعر کا اعلیٰ کمال یہ ہے کہ اُس کو یہ قدرت ہو کہ چاہے تو مخاطب کے دل میں ایک چیز سے نفرت پیدا کر دے اور چاہے رغبت۔ دنیا میں کوئی چیز شر مطلق نہیں ہے کہ کوئی صفت اُس میں نہو۔ نہ خیر محض ہے (سوائے ذات باری تعالیٰ کے) کہ اُس میں کوئی بُرائی نہو۔ فطرت کا مصور (شاعر) ہر ایک شے کے اچھے بُرے پہلو دیکھتا اور اپنے سحر انگیز بیان کے زور سے رغبت دلانے یا نفرت پیدا کر دینے کا کام لے لیتا ہے۔

حضرت امیر خسرو ایک موقع پر سگِ لیلیٰ کے ذکر میں یہ جادو بیانی دکھاتے ہیں۔ اوّل دیکھو کیسا گِھناؤنا اور مکروہ صورت کُتّا ہے۔

(مجنوں پھرتے پھرتے ایک موقع پر پہنچتا ہے)

دید از طرفِ گذر بسوئے　　　غلطیدہ سگے بہ کنجِ کوئے
خارش زدہ و خراش خوردہ　　　واز پہلوئے خود تراش خوردہ
درگردِ سرش چو فرقِ نقّاب　　　وز سلخِ تنش چو پیشِ قصّاب
خم یافتہ در تہی گہش راہ　　　گشتہ شکمش ہمہ تہی گاہ

از دم دہنش فراز ماندہ　　دندانش ز خندہ باز ماندہ
سرتا قدمش جراحت و ریش　　شویاں بزباں جراحتِ خویش
بے لقمہ گلوئے لقمہ خوارش　　لیسیدنِ دست و پائے کارش

گلی میں ایک خارشتی کُتّا پڑا ہوا ہے۔ خارش سے سارا جسم گھائل ہے پہلو میں زخم ہو گئے ہیں زخموں سے خون بہتا ہے۔ سر خاک میں گھسا ہوا ہے۔ مُنہ کھلے کا کھلا رہ گیا ہے کمر کبڑی ہو گئی ہے۔ بھوکوں کا مارا پیٹ کمر سے جا لگا ہے۔ سر سے پاؤں تک زخموں سے چور اور خون آلودہ زخموں کو زبان سے چاٹ رہا ہے۔ اس نفرت انگیز مخلوق کو مجنوں دیکھتا ہے۔

مجنوں چو بہ حالِ او نظر کرد　　در پیش دوید و دیدہ تر کرد
بگرفت بہ رفق در کنارش　　می شست بگریہائے زارش
جا یش ز کلوخ و خار می رفت　　وز پائے و سرش غبار می رفت

یہ مجنونانہ حرکت نہیں ہے۔ حق شناسی و حق پسندی کا جوش ہے۔ وجہ سنئے۔

گفت اے گلِت از وفا سرشتہ　　نقشت فلک از وفا نوشتہ
ہم نانِ کسان حلال خوردہ　　ہم خوردہ خود حلال کردہ
کردہ زنِ حلال خواری　　با منعمِ خویش حق گزاری
جانت ز حلال خوارگی مست　　و آسودگیت حرام پیوست
پیکار پذیر پاسبانان　　بیدار کُنِ خراس بانان

از سایۂ تو رمیدہ نقّاب | چوں سایہ کہ وارمد ز مہتاب
از خاستنِ شبِ سیاہت | میموں شدہ خوابِ صبح گاہت
تو شیر جوان و مست بودہ | وز شیر و پلنگ جاں ربودہ
معشوقۂ خسرواں بہ نخچیر | وافگندہ بدوش زلفِ زنجیر
صد خوں زلبت چکیدہ در خاک | وز لوثِ جنایتت دہن پاک
امروز کہ باز ماندی از کار | خواری ہمہ را مرانہ خوار

مجنوں کہتا ہے اے کتّے وفا تیری گھٹّی میں پڑی ہے۔ حلال کی کمائی تو کھاتا ہے۔ اپنے محسن کا حقِ خدمت و وفاداری پورا کرتا ہے۔ اُس کی جان و مال کی حفاظت پر اپنا آرام قربان کر دیتا ہے۔ جو پاسبان اپنی خدمت انجام دینے میں سُستی کرتے ہیں اُن کا تو دشمن ہے۔ چور تیرے سایہ سے بھاگتے ہیں۔ رات بھر کی محنت کے بعد صبح کا تیرا سونا مبارک ہے۔ جب تو جوان تھا تو شیر و پلنگ تجھ سے کانپتے تھے۔ بادشاہوں کا معشوق تھا۔ دوش پر زنجیر کی زلف پڑی ہوتی تھی۔ ان اوصاف کو پڑھ کر فرمائیے کہ جس مخلوق میں یہ وصف ہوں اُس کی کون قدر نہ کرے۔ اس صفت کو دیکھئے

جانت ز حلال خوار گی مست
وآسودگیت حرام پیوست

جس انسان پر یہ شعر صادق آجائے وہ قدم چومنے کے قابل ہوگا۔ کتّے کا یہ معمولی وصف ہے۔ مجنوں کے پیار کا فلسفہ اس سے بھی اعلیٰ ہے:۔

پائے تو کہ گشت بر در یار | بر چشمِ منش سزا است رفتار
از حسرتِ آنکہ چشمِ آں ماہ | دیدہ است بہ جانبِ تو گہ گاہ
خواہم کہ شگافم ایں دلِ تنگ | در وے کشمت چو لعل در سنگ
خاکت بہ مژہ فشانم از پائے | در دیدہ کشم کہ ہست از انجائے
ہستیم من و تو ہر دو شب گرد | لیکن تو بہ نالہ و من از درد

ایک شخص نے مجنوں کی اس سگ نوازی پر اعتراض کیا تو وہ جواب دیتا ہے:

گر من تہِ پائے سگ زنم بوس | زاں پائے بود نہ زیں لب افسوس
ایں پا کہ بہ شہر و کوئے گشتہ است | پیشِ در یارِ من گذشتہ است
روزیش بہ کوئے آں پری کیش | دیدم گذراں بہ دیدۂ خویش
تعظیم وے نہ از پئے اوست | کش دوست گرفتم از پئے دوست

سوز و گداز

(مجنوں کا نالۂ مستانہ)

ما ہیچ کسانِ کوئے یاریم | ما سوختگانِ خام کاریم
جانے نہ و با حضر ہم آہیم | نور سے نہ و یارِ آفتابیم
گر از خز و پرنیاں گدائیم | در زیرِ گلیم بادشائیم
بے منتِ تاج سرفرازیم | بے زحمتِ دیدہ عشق بازیم
جامہ ز پلاسِ پارہ دوزیم | خانہ ز پئے نظارہ سوزیم
گنجے ست غم اندرونِ سینہ | مارا ست کلیدِ آں خزینہ

جانم ز فراق بر لب آمد — می آئی یا برون خرامد
(خطاب بہ لیلیٰ ۱۲)

گفتی کہ صبور شو بہ دُوری — دُوری ز تو وانگہے صبوری

بنمائے رُخ چو یاسمینم — بنواز بہ شربتِ پسینم

تیغم بزن آستاں بکن پاک — مگذار کہ بر درت شوم خاک

آسودہ مباد جانم آں روز — کز دودِ غمت نباشدم سوز

گیرم خوش و شادماں تواں زیست — ہیہات کہ بے تو چوں تواں زیست

سیلابِ بلا بر آمد از فرق — کشتیم چہ سود چوں شدم غرق

بر سوزِ دلم کہ رستخیز ست — انگشت منہ کہ شعلہ تیز ست

ہر قطرۂ خوں بریں رُخِ زرد — پندار کہ چشمہ ایست از درد

مہرِ تو در استخوانِ من باد — دردِ تو دوائے جانِ من باد

(لیلیٰ کی زار نالی ویرانۂ عاشق سے مراجعت کے بعد)

بازم غمِ عشق در سر اُفتاد — بنیادِ صبوریم در اُفتاد

باز ایں دلِ خستہ دردِ نو کرد — خود را بو بالِ من گرو کرد

بازم ہوسے گرفت دامن — کز عقل نشاں نماند با من

باز ایں شبِ تیرۂ جگر سوز — بر بست بروئے من درِ روز

خوں موج دروںہ بر سر آورد — طوفاں ز تنور سر بر آورد

دودے کہ ز شوق در بر اُفتاد — از سینہ گذشت و بر سر اُفتاد

طاقت برسید چند جوشم آتش بدرونہ چند پوشم
گیرم کہ بود بہ پردہ جایم وزحجرۂ غم بروں نیایم
ایں خانہ شگاف نالۂ زار پوشیدہ کجا شود بہ دیوار
آں راکہ درونہ چاک باشد از پردہ دری چہ باک باشد
در مجلسِ عشق جام خوردن و نگہ غمِ ننگ و نام خوردن
دستِ من و آستینِ یارم گو خلق کنند سنگسارم
شوریدہ کہ غرقِ حال باشد رسوا شدنش جمال باشد
ہر کبک دری بہ تیز گامی برلالہ و گل بہ خوش خرامی
مسکین منِ مستمندِ دل تنگ مجبورِ بلا چو لعل در سنگ
اے دوست کہ بے منی و بامن آتش زدہ یا توئی و یا من
زارم زغمت عظیم زارم دستے کہ زدست رفت کارم
گرگر دزمانہ بے وفائی بارے تو مکن کہ آشنائی
ما نطعِ حیات در نوشتیم تو دیر بزی کہ ما گذشتیم

حقائق و معارف مجنوں لیلیٰ اگرچہ ایک عشقیہ داستان ہے لیکن امیر خسرو کی دقیقہ سنجی نے جابجا اُس میں ایسے معارف درج کر دیئے ہیں جو ایک کامیاب زندگی اور رفعتِ مرتبہ کے واسطے دستور العمل بن سکتے ہیں۔

(کمالِ انسانی ہمت و علم پر منحصر ہے)

لیکن بنود حیاتِ جاوید تا سر نکشی بہ ماہ و خورشید

وان رست باوج آسمان سر — کز جوہر علم یافت افسر

(علم سطحی و سرسری نہو بلکہ عمیق و کامل ہونا چاہیئے)

آن نیست نشان علم والا — کز خلق بری بہ حیلہ کالا
علم آن باشد کہ رہ کند پاک — نے زرق مزوران چالاک
آن تختہ درست کن بہ تکرار — تا آگہ شوی از نہایت کار

(مرد بننے کی کوشش کرنی چاہیئے)

چون مرد بگرد مردمی گرد — نے ہیچو بخیل ناجوانمرد
سرمایۂ مردمی مکن کم — کز مردمی ست قدر مردم

(دوست اور دوستی)

تا پا نہ نہی بدستیاری — از دوست مخواہ دوستداری
یارے کہ بجان نیازمائی — در کار خودش مدہ روائی
صد یار بود بہ نان شکے نیست — چون کار بجان فتد یکے نیست

(آسودگی دل کا راز)

خواہی کہ نگردی آرزومند — می باش بہرچہ ہست خورسند
پویان حریص رنجے زر دست — خورسندی دل صلائے مرد ست

(عزت ہمت کا ثمرہ ہے)

خواہی شرف و بزرگواری — میکوش بہمتے کہ داری

کاں تن کہ بہتے سرشتہ ہست   مردم نگری ولے فرشتہ است
فی الجملہ بہر چہ دست سائی   ہمّت چو قوی بود برآئی

(بے اصول کام بیکاری سے بدتر ہے)

بے بہرہ کہ کار کردنش خوست   بیکار ترینِ مردماں اوست

(سستی ارادہ کو بھی سست کر دیتی ہے)

آں خواجہ کہ کاہلی ست خویش   کاہل ترا ز دوست آزرویش

(جو کام کرو کوشش کے ساتھ کرو)

ہر گہ کہ علم شدی بہ کارے   در غایتِ آں بکوش بارے

(تھوڑی اچھی چیز بہت سی بُری سے بہتر ہے)

یک شاخ کہ میوہ دہد تر   بہتر ز ہزار باغِ بے بر
یک بُلبلِ خوش نوائے و دلکش   بہتر ز دو صد کلاغِ ناخوش

(اچھا لکھو اگرچہ تھوڑا ہو)

آں بہ کہ چو نکتہ سگالی   حرفے نبود ز نکتہ خالی
نے چوں حبشی کہ از تباہی   نورے نہ و عالم سیاہی

جو لوگ بے معنی دفتر سیاہ کرتے ہیں اُن کی تحریروں کی تشبیہ حبشی سے کیا خوب ہے۔ ع

نورے نہ و عالم سیاہی

حفظِ مراتب امیر خسرو کو دقیقہ سنجی و واقعہ نگاری کا جو ملکہ مبدء فیاض سے عطا ہوا تھا اُس کی جانب ہم اوپر اشارہ کر چکے ہیں۔ اسی صفت کا اثر ہی کہ اُن کے کلام میں حفظ مراتب کا پہلو نمایاں ہی اور اُن کا قلم کبھی دائرۂ اعتدال سے باہر نہیں جاتا۔ سب سے زیادہ لغزش گاہ پیر کی مدح ہی۔ زور مبالغہ کبھی حدِّ رسالت سے ٹکرا دیتا ہی اور کبھی سدِّ الوہیت سے۔ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی قدس سرہٗ کے ساتھ جو جوشِ عقیدت امیر خسرو کو تھا اور جو شفقت حضرت کو اُن کے حال پر تھی وہ یادگارِ زمانہ ہی۔ تاہم مدح مُرشد میں پورا لحاظ حفظ مرتبہ کا رکھا ہی۔ اور ایک لفظ قلم سے ایسا نہیں نکلا جو اس دائرہ سے باہر ہو مع ہذا پیر کی مدح میں ذرّہ برابر کمی نہیں کی۔ غالباً یہ مدح نمونۂ مدح کہی جا سکتی ہی۔

چوں گوہرِ مدحِ خواجہ سفتم — از غیب شنیدم آنچہ گفتم
اکنوں قدرے دُرِ معانی — ریزم بسرِ جنیدِ ثانی
قطبِ زمن و پناہِ ایماں — سرجملۂ جملۂ کریماں
در شرع نظامِ دینِ احمدؐ — یعنی کہ نظامِ دیں محمدؐ
در حجرۂ فقر بادشاہے — در عالمِ دل جہاں پناہے
بر خاک زرحمت آسمانے — بر چرخ ز دولت آستانے
بر مہ ز گلیم بُردہ رایت — سلطانِ ممالکِ ولایت
شاہنشہِ بے سریر و بے تاج — شاہانش بخاکِ پائے محتاج

در پردۂ غیب محرم راز | وز راز سپہر کیسہ پرداز
در عالم وحدت ایستادہ | بر ہر دو جہاں قدم نہادہ
از خواجگی آستیں کشیدہ | در پایۂ بندگی رسیدہ
بیناتر جملہ پاک بیناں | بیدار تریں شب نشیناں
ہر شب کہ رود بریں کہن بام | بر فرش فرشتگاں زند گام
در پیش دوند جملہ مشتاق | گویند بہ عرش قُم علی الساق
مسند ز سپہر برترش باد | خسرو چو ستاں چاکرش باد

تشبیہ شاعری کے کمالات میں سے خوبی تشبیہ بھی ہے۔ تشبیہ کا حسن یہ ہے کہ واضح ہو اور بدیع یعنی جس کی تشبیہ ہو اُس کا پورا نقشہ کھینچے۔ اسی کے ساتھ ندرت کا پہلو لئے ہوئے ہو۔ امیر خسرو نے مجنوں لیلی میں بہت سی نادر تشبیہیں پیدا کی ہیں۔ بعض نمونے اوپر درج ہو چکے ہیں۔ چند اب لکھے جاتے ہیں۔ جانباز دلاور جب میدان میں حملہ آور ہوتا ہے تو اس پھرتی اور سبک دستی سے ہر سمت حملہ کرتا ہے کہ اس کی تلوار شعلۂ جوالہ بن جاتی ہے۔ دیکھنے والوں کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہی وقت میں چاروں طرف ہاتھ مار رہا ہے۔ امیر خسرو اپنے بھائی کے ہنّوں کا بیان فرماتے ہیں:

روازہمہ سو برزم چوں تیغ
تیغ از ہمہ رو چو برق در میغ

علاوہ خوبی تشبیہ دونوں مصرعوں کا تقابل اور تیغ کی الٹ پلٹ قابل داد ہے۔

لیلیٰ مجنوں ایک مرتبہ خوبیِ تقدیر سے باہم ملتے ہیں، لیکن پاکبازی و پاک دلی کے ساتھ

دو صبح بہم رسیدہ از دور
دو مشعل رایکے شدہ نور

چونکہ دونوں سوختہ جاں تھے اس لیے مشعل کی تشبیہ حسب حال ہے۔

مراجعتِ لیلیٰ کے بعد مجنونِ سوختہ اختر تمام شب تپشِ غم کے ہاتھوں نیم مُردہ ہی رہا۔

نے مُردہ نہ زندہ بود تا روز
چوں نم زدہ مشعلِ جگر سوز

تیل میں پانی ملجائے تو اُس کے اثر سے مشعل بحالتِ نیم سوختگی سخت شورش و پراگندگی کے ساتھ جلتی ہے۔ یہی حال مجنوں کا تھا۔ کمال تشبیہ یہ ہے کہ مشعل شب کو جلتی ہے، مجنوں بھی رات ہی کے وقت آتش فراق میں جل رہا تھا۔

فرطِ غم و اندوہ سے لیلیٰ کے نازک رُخساروں پر چھائیاں پڑگئی ہیں:

نے کُلفہ کہ سایہ بُد بمہتاب
نے نے غلطم کہ سایہ بر آب

رُخسارِ نازک کی چھائیں پانی پر سایہ، یہ نازک خیالی امیر خسرو کا حصہ ہے۔
سراب کی تشبیہ:

در دشت سرابہائے کیں توز
چوں وعدہ سفلگان جگر سوز

جاں بلب پیاسا پانی سمجھکر سراب پر بامید سیرابی پہنچتا ہے اور وہاں دیکھتا ہے کہ پانی نہیں ریگ موج زن ہے۔ جو صدمۂ مایوسی اُس کے دل کو پہنچتا ہے وہی اُس شخص کے دل کو پہنچتا ہے جو وفائے وعدہ کی اُمید پر سفلہ کے پاس جاتا اور اُس کی وعدہ خلافی سے خونِ جگر پیتا ہے۔ مجنوں اپنی ناقدری کا شکوہ کرتا ہے:

بے قیمت و قدر و خوار و کاہاں

چوں مرکبِ کورِ بادشاہاں

دیکھو کیسی تشبیہ تام ہے۔ مشبّہ کی چاروں صفات "بے قیمت و قدر و خوار و کاہاں" مشبّہ بہ میں اعلیٰ پیمانہ پر موجود ہیں۔ بادشاہ کی سواری کا گھوڑا اندھا ہو جائے تو ہمیشہ خوار و زار رہتا ہے۔ معمولی گھوڑا ہو تو مار دیا جائے۔ وہ نہ مارا جاتا ہے نہ کچھ قدر ہوتی ہے اور نہ پیٹ بھر کر کھانا ملتا ہے۔ یوں ہی کس مپرسی و لاغری میں ایّام زندگی پورے کرتا ہے۔

لیلیٰ کے دفن کی تشبیہ:

کرداں جگرِ زمیں کشادند

واں کانِ نمک درو نہادند

"جگرِ زمین" اور "کانِ نمک" نہایت دقیق ہے۔

مجنون لیلیٰ کا مقابلہ لیلےٰ مجنوں (۱) مولٰنا نظامی گنجوی (۲) مُلّا ہاتفی ہروی اور (۳) مُلّا مکتبی شیرازی کے ساتھ

مولٰنا نظامی و امیر خسرو

مقابلے سے پہلے یہ اظہار ضروری ہی کہ مقابلۂ کلام میں اگر اشعار امیر خسرو کو مولٰنا نظامی کے اشعار پر ترجیح دی جائے تو اُس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ مولانا کے پایۂ بلند میں کچھ فرق آتا ہی۔ مثنوی میں مولٰنا نظامی کا مرتبہ امیر خسرو سے بلند ہی۔ اور اس کو خود امیر نے اس بلند آہنگی سے ظاہر کیا ہے کہ مولانا نظامی کا بڑے سے بڑا مداح اس سے بڑھ کر بیان نہیں کر سکتا۔ لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ مولانا نظامی کا کل کلام امیر خسرو کے تمام کلام سے افضل ہی۔ مثنوی مجنوں لیلیٰ میں کلام خسروی کی برتری صاف عیاں ہی۔ میں اپنی فہم و ادراک کے موافق موازنہ کر کے فرقِ کلام آزادانہ ظاہر کر دونگا۔

مقابلے کے واسطے وہ اشعار انتخاب کئے گئے ہیں جو ہم قافیہ یا ہم مضمون ہیں۔ اس طرح پورا موقع مقابلہ کا ہی۔ موازنہ دو طرح ہو سکتا ہی۔ اوّلاً مجموعتہً، ثانیاً انفراداً۔

مجموعی مقابلے کے لئے پہلے مولانا نظامی کا کلام پڑھو اور بار بار پڑھو۔ اور جب پڑھ چکو تو غور کرو کہ دل پر کیا اثر ہوا۔ تمہارے دل پر متانت و بلاغت کلام کا اور مضامین کی بلندی و رزانت کا اثر پڑے گا اور تم کہہ اُٹھوگے کہ ضرور یہ

ایک قادر الکلام اُستاد کا کلام ہی۔ اس کے بعد امیر خسرو کے اشعار اسی انداز سے پڑہو اور سوچو۔ متانت و فصاحت کلام اور بلندی و خوبی مضامین کے ساتھ ساتھ درد کی چاشنی پاؤگے اور تمہارا دل شہادت دیگا کہ یہ ایک درد آشنا دل کی صدا ہی۔

اوّل حمد کو لیجئے۔

حمد

مولنا نظامی	امیر خسرو
اے نامِ تو بہترین سرآغاز	اے دادہ بہ دل خزینۂ راز
بے نامِ تو نامہ کے کنم باز	عقل از تو شدہ خزینہ پرداز
اے کارکشائے ہرچہ ہستند	اے تو بہ ہمیں صفت سزاوار
نامِ تو کلیدِ ہرچہ بستند	نامِ تو گرہ کشائے ہر کار
اے ہست کنِ اساسِ ہستی	اے قدرتِ تو بہ چیرہ دستی
کوتہ ز درت دراز دستی	از نیست پدید کردہ ہستی
اے ہفت عروسِ نہ عماری	اے یارِ بساط و ہفت پردہ
بر درگہِ تو بہ پردہ داری	بر ہفت عروس عقد کردہ
اے آنکہ نہ بر طریقِ چونی	ہرچہ از تو گماں برم بہ چونی
دانائے درونی و برونی	آں من بوم و تو زاں برونی
اے [illegible] بیناں	اے دیدہ کشائے دور بیناں
دربانِ [illegible] نشیناں	سرمایہ دہِ تہی نشیناں

مولنا نظامی

صاحب توئی آں دگر کدام اند
سلطاں توئی آں دگر غلام اند
اے بر ورقِ تو درسِ ایّام
ز آغاز رسیدہ تا بانجام
اے واہبِ عقل و باعثِ جاں
با حکمِ تو ہست و نیست یکساں
اے امرِ ترا نفاذ مطلق
از امرِ تو کائنات مشتق
راہِ تو بہ نورِ لایزالی
از شرک و شریک ہر دو خالی
در صنعِ تو کامد از عدد بیش
عاجز شدہ عقلِ علّت اندیش
گر ہفت گرہ بہ چرخ دادی
ہفتاد گرہ بدو کشادی
ترتیبِ جہاں چنانچہ بایست
کردی بہ مثابتے کہ شایست

امیر خسرو

قادر توئی آں دگر چہ باشد
منعم توئی آں دگر کہ باشد
وز تربیتِ تو یافت ایّام
پیرایۂ صبح و زیورِ شام
بود ہمہ گشتہ از تو موجود
حکمِ تو رواں بہ بود و نابود
اے حکمتِ تو بہ امرِ مطلق
عالم ز دو حرف کردہ مشتق
شرکت نبرد بہ ملک راہے
خاصہ کہ بہ ملک چوں تو شاہے
باریکیِ حکمتت کہ داند
کز کُن مکنِ تو نکتہ راند
دعوی گریِ ہمہ بہ پیچ
در محکمۂ قضائے تو ہیچ
عالم ز تو شد بہ حکمت آباد
حکمت ز تو یافت آدمی زاد

امیر خسرو	مولٰنا نظامی
در کار تو آسمان زبونے	بے کو کہنی ز کاف و نونے
در کلک تو کون کاف و نونے	کردی چو سپہر بیستونے

انفرادی مقابلہ۔ مطلع مولٰنا نظامی کا بہت بلند و اعلیٰ ہے۔ پہلا مصرع دلیل دوسرا دعوی "سرآغاز" کا لفظ کس قدر مناسب موقع ہے۔ دوسرا مصرع

بے نام تو نامہ کے کنم باز

جتنی بار پڑھوگے نام اور نامہ کی تجنیس تازہ لطف دے گی۔ امیر خسرو کے مطلع میں ایک خاص خوبی ہے۔ داستان عشق وحسن کے مناسب خزینہ راز ہے اور قصۂ مجنوں کے ساتھ خزینہ پردازی عقل صنعتِ تضاد۔ مولٰنا نظامی کا مطلع ہر مضمون کی مثنوی کا سرنامہ ہوسکتا ہے۔ امیر خسرو کا مطلع صرف داستانِ عشق کا طُرّۂ دستار بن سکتا ہے۔

امیر خسرو		مولٰنا نظامی
اے تو بہمین صفت سزاوار	(۲)	اے کارکشائے ہرچہ ہستند
نام تو گرہ کشائے ہر کار		نام تو کلید ہرچہ بستند

امیر خسرو کا شعر بہتر ہے مولٰنا نظامی کے پورے شعر کا مضمون امیر خسرو کے دوسرے مصرع میں آگیا۔ "کارکشائے" "گرہ کشا" زیادہ وسیع ہے۔ گرہ کشائی مشکل کشائی پر دال ہے نیز اس سے اظہار قدرت بیشتر ہوگا۔

امیر خسرو کا پہلا مصرعہ "اے تو بہ ہمیں صفت سزاوار" مضمون و بندش دونوں میں لاثانی ہے اور المستجمع لجمیع صفات الکمال کی پوری تفسیر۔

امیر خسرو		مولنا نظامی
اے قدرتِ تو بہ چیرہ دستی	(۳)	اے ہست کُنِ اساسِ ہستی
از نیست پدید کردہ ہستی		کوتہ ز دری درازدستی

مولنا نظامی کے اوّل مصرعہ کا مضمون امیر خسرو کے شعر میں زیادہ بلیغ انداز میں موزوں ہوا ہے۔ قدرت اور چیرہ دستی سے کلام میں خاص زور پیدا ہو گیا جو حسب حال ہے۔ نیست سے ہستی کا پیدا کر دینا قدرت کا اظہار بمقابلہ اساسِ ہستی کو ہست کرنے کے زیادہ کرتا ہے۔

امیر خسرو		مولنا نظامی
اے چار بساط ہفت پردہ	(۴)	اے ہفت عروسِ نُہ عماری
بر ہفت عروس عقد کردہ		بر درگہِ تو بپردہ داری

مولنا نظامی کے یہاں مضمون زیادہ صفائی سے بندھا ہے۔ ہفت عروس و نُہ عماری کے واسطے پردہ داری بہت مناسب ہے۔ سبعہ سیّارہ کی جانب جو تصرفات و احکام نجوم منسوب ہیں ان کے لحاظ سے بھی پردہ داری بہت موزوں ہے۔ امیر خسرو کے یہاں چار بساط، ہفت پردہ، ہفت عروس، تین عدد جمع ہیں۔ مولنا نظامی کے یہاں صرف دو، ہفت عروس و نُہ عماری۔ امیر خسرو کے شعر میں لفظ عقد عروس کے

نہایت مناسب ہی۔

امیر خسرو	مولنا نظامی

(۵) ہرچہ از تو گمان برم بچونی — اے آنکہ نہ بر طریق چونی

آں من بوَم و تو زاں بردنی — دانائے درونی و برونی

مولنا نظامی سنے سادہ مضمون بیان فرمادیا ہی۔ امیر خسرو ایک دقیق فلسفہ پیدا کرتے ہیں یعنی جو بھی تصور اعلیٰ سے اعلیٰ ذات باری تعالیٰ کا ہم اپنے ذہن میں قایم کریں وہ ہمارے دماغ کی ایجاد ہوگا نہ ذات باری کا ادراک۔ لہذا وہ ایک ناقص ہستی کا ادراک و تصور ہوگا، نہ کامل واجب الوجود کا۔ "آں من بوم" پر غور کرو۔ ظلوم و جہول انسان بڑی کاوش سے ایک مفہوم ذات باری کا قایم کرتا ہی اور اُس پر بزعم خود بڑے سے بڑے نتایج لیکن یہ نہیں سمجھتا کہ اس پردہ میں وہ خود چھپا ہوا ہی اور خود اپنے ہی بابتہ احکام صادر کررہا ہی۔ جو بیچون ہے وہ چگونگی میں کس طرح سما سکتا ہی۔ اس راہ میں کیسے کیسے مدعیان خرد نے ٹھوکریں کھائی ہیں۔

امیر خسرو	مولنا نظامی

(۶) اے دیدہ کشائے دوربیناں — اے سرمہ کشِ بلند بیناں

سرمایہ دہ تہی نشیناں — در بازکنِ درون نشیناں

اہل معرفت کو جو فیض مبدء فیاض سے پہنچتا ہی اُس کا ذکر ہی۔ امیر خسرو کا شعر بلند پایہ ہی۔ سرمہ کش اور دیدہ کشائے کو اول دیکھو۔ صفاتی و عارضی قوت اور ذاتی قوت کا

فرق ہے۔ جو آنکھ سُرمہ کی مدد سے دیکھے وہ اُس آنکھ کو کہاں پہنچ سکتی ہے جو خود اپنی قوت سے دیکھے۔ اس کے بعد بلند بیں اور دوربیں کے فرق پر غور کرو۔ بلند بیں شان رفعت کو ہویدا کرتا ہے۔ عارف شش جہت میں نگاہ سے مطلوب کا جلوہ دیکھتا ہے اور اُس کی نظر میں فوق وتحت سب یکساں ہے۔ درباز کن اور سرمایہ دہ کا فرق بھی ملاحظہ ہو۔ درکھول دینے سے یہ حاصل ہے کہ نظارہ گاہ پیش نظر ہے، اہلِ بصر اپنی نظر سے کام لیں۔ سرمایہ دہ سے یہ مُراد ہے کہ نظارہ اور توفیق نظارہ سب اُسی طرف سے ہے۔ نظارہ گاہ کے ساتھ قوت نظارہ بھی اُسی طرف سے آتی ہے۔ سرمایہ دہ سے فیض ذاتی مفہوم ہوتا ہے۔ درون نشین وتہی نشین، درون نشین میں زیادہ سے زیادہ خلوت نشینی کا مفہوم ہے۔ تہی نشین میں احتیاج وافلاس ہے جو درِ کریم پر پہلا ذریعہ حصول فیض کا ہے۔ نظر کو مزید وسعت دو۔ جو خودی سے تہی ہوکر اور فنا کے مراتب طے کرکے سرحدِ بقا پر پہنچے اُس کی کامیابی اور مایہ داری کہاں تک پہنچے گی۔

امیر خسرو		مولٰنا نظامی
قادر توئی آں دگر چہ باشد	(۷)	صاحب توئی آں دگر گدام اند
منعم توئی آں دگر کہ باشد		سلطاں توئی آں دگر غلام اند

مولانا نظامی کا شعر صاف بلند پایہ ہے۔ ع "سلطاں توئی آں دگر غلام اند" کو امیر خسرو کا کوئی مصرعہ نہیں پہنچتا۔

مولنا نظامی — امیر خسرو

اے برورقِ تو درسِ ایّام (۸) وز تربیتِ تو یافت ایّام

زآغاز رسیدہ تا بانجام — پیرایۂ صبح و زیورِ شام

مولنا نظامی نے سادہ الفاظ میں یہ مفہوم ادا فرمایا ہو کہ زمانہ باآں ہمہ امتداد وبس اس قدر وسعت رکھتا ہو کہ اُس کے سارے واقعات کی سرگزشت کتابِ قدرت کے صرف ایک ورق پر ثبت ہو۔ امیر خسرو تغیرِ مضمون کے ساتھ زیادہ دلکش الفاظ میں یہ ظاہر کرتے ہیں کہ عالم کی دلکش نیرنگیاں یدِ قدرت ہی کی بخشی ہوئی ہیں

ع پیرایۂ صبح و زیورِ شام

کیسا دلآویز مصرع ہو۔ صبح کا نورانی لباس شام کا مُرصّع زیور تخیل کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ مولنا نظامی کے شعر سے درسِ ایّام کا وقوع ثابت ہوتا ہے اور بس؛ نتیجۂ تعلیم نہیں معلوم ہوتا۔ امیر خسرو کے شعر سے درس و نتیجۂ درس دونوں ظہور پذیر ہیں۔

مولنا نظامی — امیر خسرو

اے واہبِ عقل و باعثِ جاں (۹) بودِ ہمہ گشتہ از تو موجود

با حکمِ تو ہست و نیست یکساں — حکمِ تو رواں بہ بود و نابود

مولنا نظامی نے صرف عقل و جان کے عطا و ایجاد کا تذکرہ فرمایا ہو نیز یہ کہ حکمِ ربّانی وجود و عدم دونوں پر یکساں نافذ ہے۔ امیر خسرو تمام مخلوق کا ایک ذرّے

لفظ ہمہ میں انحصار کر کے وسعتِ قدرت دکھاتے ہیں جس طرح ایک مصوّر تل کی برابر
نقطہ میں ایک شہر کا منظر نمایاں کر دیتا ہے۔ دوسرے دونوں مصرعے مقابل پڑھیو

ع با حکمِ تو ہست و نیست یکساں

ع حکمِ تو رواں بہ بود و نابود

امیر خسرو کا مصرع زیادہ چست اور زور دار ہے۔ حکمِ الٰہی کا نفوذ و نفاذ جس قوت
کے ساتھ امیر خسرو نے ظاہر کیا ہے وہ مولنا نظامی کے لفظوں میں نہیں ہے۔

امیر خسرو		مولنا نظامی
اے حکمتِ تو بہ امرِ مطلق	(۱۰)	اے امرِ ترا نفاذ مطلق
عالم ز دو حرف کردہ مشتق		از امرِ تو کائنات مشتق

مولنا نظامی کے اوّل مصرع سے امرِ الٰہی کا محض نفاذِ علی الاطلاق عیاں ہوتا
ہے۔ امیر خسرو کے مصرع میں امرِ مطلق کا عین حکمت ہونا بھی بیان ہوا ہے، اور یہی
شانِ عدل ہے۔ مولنا نظامی کے پورے مصرع کا مضمون امیر خسرو کے ان دو لفظوں
میں آگیا امرِ مطلق۔ از امرِ تو کائنات مشتق میں وہ لطف نہیں جو عالم ز دو حرف کردہ
مشتق میں ہے۔ صرف دو حرف سے سارے عالم کا مشتق ہو جانا قدرت پر زیادہ دلالت
کرتا ہے بہ مقابلہ عظیم الشان امر الٰہی سے مشتق ہونے کے۔

امیر خسرو		مولنا نظامی
شرکت نبرد بملک را ہے	(۱۱)	راہِ تو بہ نورِ لایزالی
خاصہ کہ بملک چوں تو شاہے		از شرک و شریک ہر دو خالی

مولنا نظامی کے شعر کا پایہ بہت بلند ہے۔ نورِ لایزالی نے جو برقی قوت مولنا نظامی کے کلام میں پیدا کی ہے اُس کا عشرِ عشیر بھی امیر خسرو کے شعر میں نہیں ہے۔ امیر خسرو نے شاہانہ غیرت کی بنیاد پر شرکت کی نفی کی ہے مولنا نظامی جلال ربانی کی برقِ خرمن سوز سے شریک و شرکت دونوں کی ہستی کو مٹاتے ہیں۔ وبینہما بونٌ بعید۔

مولنا نظامی — امیر خسرو

(۱۲)

باریکیِ حکمت کہ داند — در صنعِ تو کامد از عدد بیش
کز کُن مکنِ تو نکتہ راند — عاجز شدہ عقلِ علت اندیش

مولنا یہ بیان فرماتے ہیں کہ تیزی بے شمار صنعت عقلِ علت اندیش کے عجز کا سامان ہے۔ امیر خسرو فرماتے ہیں کہ چونکہ حکمتِ الٰہی کی باریکی کو پہنچنا محال ہے اس لئے اُس کے امر و نہی میں کون عقل کو دخل دیسکتا ہے۔ اس طرح دعویٰ دلیل سے ثابت ہو گیا۔ اس کے علاوہ مولنا نظامی کے مضمون سے واضح ہوتا ہے کہ بے شمار صنعت کو دیکھکر عقل عاجز ہوتی ہے۔ امیر خسرو باریکیِ حکمت کو سبب عجز قرار دیتے ہیں جو ذرہ ذرہ میں عیاں ہے لہذا ہر ذرہ عجزِ عقل کے لئے کافی ہے۔

مولنا نظامی — امیر خسرو

(۱۳)

دعویٰ گری تہی سر پر پیچ — گر ہفت گرہ بہ چرخ دادی
در محکمۂ قضاے تو ہیچ — ہفتاد گرہ بدو کشادی

مولنا نظامی فرماتے ہیں آسمان میں اگر سات گرہیں (سبعہ سیارہ) دستِ قدرت نے

لگادی ہیں تو اُن کے ذریعے سے ستّر گرہیں کھول دی ہیں۔ یعنی آبائے علوی کے جو تصرفات عالم میں جاری ہیں اُن سے ہزاروں کام ہو رہے ہیں۔ یا احکامِ نجوم کی جانب اشارہ ہو۔ سات گرہ دے کر ستّر گرہیں کھول دینا پُرلطف مضمون ہے لفظی رعایت پر خیال کرو تو بدو بکشادی میں دو کا لفظ ہفت و ہفتاد کے مناسب ہے۔ امیر خسرو کا مضمون اس سے بلند تر ہے۔ فرماتے ہیں کہ حکم الٰہی کے سامنے آسمان کیا چیز ہے محض ہیچ اور ناچیز۔ لہذا عظمتِ الٰہی کا اظہار امیر خسرو کے شعر میں زیادہ ہے۔ سپہر کے ساتھ پر پیچ کا لفظ لطف خاص رکھتا ہے۔ نجومی اور فلکی آسمان کے جس چکر میں ہیں اُس سے آج تک بال بھر بھی نہیں نکلے۔

امیر خسرو		مولٰنا نظامی
عالم ز تو شد بہ حکمت آباد	(۱۴)	ترتیبِ جہاں چنانکہ بایست
حکمت ز تو یافت آدمی زاد		کردی بہ سزا چنانکہ شایست

مولٰنا نظامی کے پورے شعر کا مضمون ایک مصرع میں امیر خسرو نے زیادہ شاندار الفاظ میں لکھدیا ہے۔ چنانکہ بایست اور بسزا چنانکہ شایست کا پورا مفہوم بہ حکمت آباد میں زیادہ بلیغ پیرایہ میں آگیا ہے۔ دوسرے مصرع میں امیر خسرو شرفِ انسانی کو نمونہ قدرت قرار دیتے ہیں۔ یہ مضمون مولٰنا نظامی کے شعر میں نہیں ہے۔

امیر خسرو		مولٰنا نظامی
در کارِ تو آسماں زبونے	(۱۵)	بے کوہکنی ز کاف و نونے
وز کلکِ تو کون کاف و نونے		کردی چو سپہر بیستونے

عظمت و قدرتِ ربانی کا جو اظہار "ع در کارِ تو آسمان زبونے" سے ہوتا ہے وہ "ع کردی چو سپہر بے ستونے" سے نہیں ہوتا۔ مولٰنا نظامی فلکِ بے ستون کی رفعت دکھا کر عظمتِ قدرت ثابت فرماتے ہیں، امیر خسرو پستی و زبونی یعنی عظمتِ قدرت اس قدر ہی کہ اُس کے سامنے عظمتِ آسمان کا تخیل بھی نہیں ہو سکتا "ع بے کوکہنی ز کاف و نونے" سے معلوم ہوتا ہی کہ بلا دشواری قدرت نے سپہر سا بے ستون بنا دیا۔ کلامِ خسروی سے ظاہر ہوتا ہی کہ قلم برداشتہ کاف اور نون دو حرف لکھدیئے بس یہ قدرت کے روبرو یہ کائنات ہی ساری کائنات کی (جس کا آسمان ایک جزوِ اقل ہی) اب تم خود سمجھ لو کہ کون سا مضمون زیادہ آسانی ظاہر کرتا ہے۔ اس مقابلے سے ظاہر ہوتا ہے کہ منجملہ پندرہ اشعار کے چار شعر مولنا کے افضل ہیں گیارہ امیر خسرو کے ۔

مضامین خاصّہ

مولٰنا نظامی	امیر خسرو
اے ہیچ خطے نگشتہ زاول	اے بیش ز دانشِ خردمند
بے حجتِ نامِ تو مسجل	ذاتِ تو نطق را زبان بند
اے خطبۂ تو تبارک اللہ	اے سرِ تو بستہ وہم را گوش
فیضِ تو ہمیشہ بارک اللہ	در معرفتِ تو عقل بیہوش
اے ہر چہ رمیدہ و آرمیدہ	اے جان بجسد فگندۂ تو
در کن فیکون تو آفریدہ	ہر کس کہ جز تو بندۂ تو

مولنا نظامی

اے مقصدِ ہمت بلنداں
مقصودِ دلِ نیازمنداں
ہم قصۂ نانمودہ دانی
ہم نامۂ نانوشتہ خوانی

امیر خسرو

اے صانعِ جسم و خالقِ روح
مرہم نہِ سینہائے مجروح
اے نور دہِ چراغِ عالم
مردم کُنِ آدمی و آدم
اے بندہ نواز بندگی دوست
زانِ تو جہاں زمغز تا پوست
بودی تو نہ چرخ و نے زمیں بود
جز تو کہ تواند ایچنیں بود
اندیشہ بہر بلندی و پست
بگذشت و بدامنت نزد دست
گر دستِ منت رسد بدامن
پس فرق چہ باشد از تو تا من
چوں حکمِ تو گردد آشکارا
کس را بہ چرا و چوں چہ یارا
کردی بہ ازل تمام کاری
کز ہیچ کست نبود یاری

امیر خسرو

عاجز نہ از اساسِ ہر ساز
تا یار طلب کنی و انباز
قفلِ ہمہ را کلید بر تو
پنہانِ ہمہ پدید بر تو
اے خاک بران سرے کز اخلاص
بر خاکِ عبادتت نشد خاص

مولانا نظامی کے اشعار خاص میں (یعنی جن کا مقابلہ امیر خسرو کے یہاں نہیں ہے)
یہ شعر بہت بلیغ و نادر ہے

اے خطبۂ تو تبارک اللہ ۔۔۔ فیضِ تو ہمیشہ بارک اللہ

تبارک اللہ و بارک اللہ کا مقابلہ دیکھو۔ تبارک اللہ اشارہ ہے فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ کی طرف۔ ماشاء اللہ کیا بلیغ خطبہ ہے۔ یہ اشعار بھی بہت خوب ہیں:

اے ہیچ خطے نشد ز اوّل ۔۔۔ بے حجتِ نامِ تو مسجّل
اے ہر چہ رمیدہ و آرمیدہ ۔۔۔ در کن فیکون تو آفریدہ

امیر خسرو کے اشعارِ خاص تعداد میں زیادہ ہیں۔ اشعار ذیل میں اُن کا خاص درد و نیاز کا رنگ ہے

اے خالقِ جسم و صانعِ روح — مرہم نہ سینہائے مجروح
اے بندہ نواز بندگی دوست — زانِ تو جہاں ز مغز تا پوست
اے خاک براں سری کز اخلاص — بر خاکِ عبادتت نہ شد خاص

اس رنگ کے اشعار مولنا نظامی کے یہاں نہیں ہیں۔ اشعار ذیل کی معرفت ملاحظہ ہو

اے بیش ز دانشِ خرد مند — فرمانِ تو نطق را زباں بند
اے سرِ تو بستہ وہم را گوش — در معرفت تو عقل بیہوش
اے نور دہِ چراغِ عالم — مردم کنِ آدمی و آدم
بودی تو نہ چرخ و نے زمیں بود — جز تو کہ تواند اینچنیں بود
چوں حکمِ تو گرد آشکارا — کس را بہ چرا و چوں چہ یارا
کردی بہ ازل تمام کاری — کش ہیچ کست نبود یاری
عاجز نہ ز اساسِ ہر ساز — تا یار طلب کنی و انباز
اندیشہ بہر بلندی و پست — بگذشت و بدامنت نزد دست
گر دستِ منت رسد بہ دامن — پس فرق چہ باشد از تو تا من

آخر کے دو شعروں میں اُس غلطی کی اصلاح کی ہے جس میں فکر انسانی اپنے منتہائے کمال پر پہنچکر مبتلا ہو جاتی ہے۔ جب وہ کُنہ واجب الوجود کے ادراک سے عاجز آجاتی ہے تو انکار کی جُرأت کر بیٹھتی ہے۔ امیر خسرو فکر نارسا کو مخاطب کرکے فرماتے ہیں کہ ادراک نہو سکے تو انکار نہ کر بلکہ یہ سمجھ لے کہ مادی مخلوق اور ذات

مجرد کا فرق مستلزم عدم ادراک ہے۔ عدم ادراک عدم وجود کو مستلزم نہیں۔

مُناجات

مولنا نظامی

عقل آبلہ پائے و کوے باریک
وانگاہ رہے چو موئے باریک
توفیق اگر نہ رہنماید
ایں قفل بہ عقل کے کشاید
اے عقلِ مرا کفایت از تو
جُستن زمن و ہدایت از تو
من بیدل و راہ سہمناک ست
چوں راہبرم توئی چہ باک ست
عاجز شدم از گرانیِ بار
طاقت نہ۔ چگونہ باشد ایں کار
میکوشم و در تنم تواں نیست
کازرم تو بست یک ازاں نیست
گر لطف کنی و گر کنی قہر
پیشِ تو یکیست نوش تا زہر

امیر خسرو

اے عذر پذیر عذر خواہاں
عفوِ تو شفیع برگناہاں
خسرو کہ کمینہ بندۂ تست
در ہر چہ فتد فگندۂ تست
آں را کہ تو آگہی بہ ہر زیست
برداشتنش بہ بازوے کیست
ہم رحمتِ تو بود کہ پیوست
افگندۂ خویش را دہد دست
دستے کہ فتادۂ نفس خود رائے
در مطرحِ سیل بے سر و پائے
بردار ز خاکِ رہ کہ پستم
از دست رہا مکن کہ مستم
ہر چند تنِ گناہ پرورد
در حضرتِ قرب نیست در خورد

مولنا نظامی

شک در دل من بود کاسیرم
کز لطف زیم ز قهر میرم
گر قهر سزای ماست آخر
هم لطف برای ماست آخر
تا در نفسم کفایتی هست
فتراک تو کی گذارم از دست
وانگه که نفس بآخر آید
هم خطبهٔ نام تو سراید
وان لحظه که مرگ را بسیچم
هم نام تو در حنوط پیچم
چون گرد شود وجود پستم
هر جا که روم ترا پرستم
احرام گرفته ام بکویت
لبیک زنان به جستجویت
احرام شکن بسی ست زنهار
زاحرام شکستنم نگه دار

امیر خسرو

با اینهمه گر بپذیری این خاک
نقصان چه بود به عالم پاک
نزدیک خودم بخوان بدان نور
کز خود ابدالابد شوم دور
از یاد خودم کن آنچنان شاد
کز هستی خود نیایدم یاد
جایم رسان کز اوج اخلاص
دیوم بفرشتگی شود خاص
در گلشن قدس کن نهالم
مگذار به گلخن وبالم
آن بخش که از توام دهد یاد
وان ده که براه تو توان داد
خواهم بستایش تو بودن
من خود چه توانمت ستودن
هم تو دل پاک ده زبان هم
در مدحت خویش بلکه جان هم

مولنا نظامی

من بیکس و رخنها نهانی
هان ای کس بیکسان تو دانی
یک ذره ز کیمیای اخلاص
گر بر مس من نهی شود خاص
آنجا که دهی ز لطف یک تاب
زر گردد خاک و در شود آب
پیش تو نه دین نه طاعت آرم
افلاس تهی شفاعت آرم
تا غرق نشد سفینه در آب
رحمت کن و دستگیر و دریاب
هستم تو به عنایت الهی
آنجا قدمم رسان که خواهی
از ظلمت خود رهائیم ده
با نور خود آشنائیم ده
بردار مرا که اوفتادم
از مرکب جهد خود پیادم

امیر خسرو

تا گوید ذکر تو به تمییز
تنها نه زبان که جان و دل نیز
به گر ندهی بهیچ سانم
آن جان که بخویش زنده مانم
آن چشم دهم که پیش بیند
عفو تو و جرم خویش بیند
آن پرده کشا که بار یابم
در پرده صلاح کار یابم
پیداست که نیست از همه هست
نقدیم بجز امید بر دست
افلاس ببین و از سر جود
بکشای خزینهای مقصود
گیرم که نیم بلطف در خور
آخر نه که بنده ام برین در
گر رحمت تست بر نکو زیست
رحمت کن بندگان بد کیست

مولنا نظامی

روزیکه مرا ز من ستانی
ضایع مکن از من آنچه دانی
وانگه که مرا به من دهی باز
یک سایهٔ لطف بر من انداز
آن سایه که از چراغ دورست
آن سایه که آن چراغ نورست
تا با تو چراغِ نور گردم
چون نور ز سایه دور گردم
بے یادِ توام نفس نیاید
با یادِ تو یادِ کس نیاید
گر تن حبشیِ سرشتهٔ تست
در خط ختنی نبشتهٔ تست
گر باز بداورم نشانی
اے داورِ داوراں تو دانی

امیر خسرو

چون زانِ تو ئیم پاک و ناپاک
هم تو بکرم نگر دریں خاک
آخر نه گلم سرشتهٔ تست
نیک و بدِ من نوشتهٔ تست
چون من رقمی از تو می پذیرم
گر نامه سیه بود دگیرم
جرم منگر که چاره سازی
طاعت مطلب که بے نیازی
گر فضلِ تو رحمتے نه ریزد
از طاعتِ چون منے چه خیزد
فردا که ز بنده راز پرسی
ناکردهٔ و کرده باز پرسی
چون میدانی بکار سستم
شرمنده مکن بباز جستم
از رحمتِ خویش کن درم باز
بے آنکه ز کرده پرسیم باز

امیر خسرو

عفوِ تو کہ مشعلیست پُر نور
از ظلمتِ راہِ من کُن دور
روشن کُن ازاں نمط رہم را
کاری بسحر شبانگہم را
زینساں کہ اُمید دارم از تو
خواہش بجز ایں ندارم از تو
کاندم کہ دمم ز تن برآید
با نامِ تو جانِ من برآید
در حجلۂ قدس بخش جایم
تا با تو بجانبِ تو آیم
آں راہ نما بمن نہانی
کاندر تو رسم دگر تو دانی

مناجات کے تین جز ہیں جو خود خالق اکبر نے سورۂ فاتحہ کے ذریعے سے تلقین فرمائے ہیں۔ اوّل ستایش، دوم نیایش، سوم گزارش۔ ستایش کا حصّہ زیادہ تر حمد میں ختم ہو لیتا ہے۔ مناجات کے لئے نیایش و عرض حال دو جز رہ جاتے ہیں۔ نیایش کی جان عجز و شکستگی ہے

گزارشِ مدعا کی نسبت یہ دیکھنا ہے کہ بارگاہِ عالی میں کیا مُدعا پیش کیا۔ ستایش کے نمونے تم کافی دیکھ چکے۔ اب نیایش وگزارش کی کچھ کیفیت معلوم کرو۔

(نیایش)

مولنا نظامی

ای عقل مرا کفایت از تو
جستن ز من و ہدایت از تو
من بیدل و راہ سہمناک ست
چوں راہبرم توئی چہ باک ست
عاجز شدم از گرانی بار
طاقت نہ چگونہ باشد ایں کار
گر قہر سزائے ماست آخر
ہم لطف برائے ماست آخر
بردار مرا کہ اوفتادم
از مرکبِ جہد خود پیادم
تا در نفسم کفایتے ہست
فتراک تو کے گذارم از دست
وانگہ کہ نفس بآخر آید
ہم خطبۂ نام تو سر آید

امیر خسرو

ای عذر پذیر عذر خواہاں
عفوِ تو شفیع برگناہاں
خسرو کہ کمینہ بندۂ تست
در ہرچہ فتد فگندۂ تست
ہم رحمتِ تو بود کہ پیوست
افگندۂ خویش را دہد دست
دستے کہ فتاد نفسِ خود رائے
در مطرحِ سیل بے سروپائے
ہرچند تنِ گناہ پرورد
در حضرتِ قرب نیست درخورد
با اینہمہ گر بپذیری ایں خاک
نقصاں چہ بود بہ عالمِ پاک
خواہم بہ ستایشِ تو بودن
من خود چہ توانمت ستودن

مولنا نظامی

چوں گرد شود وجود پستم
ہر جا کہ روم ترا پرستم
من بیکس و در جہانہ نانی
ہاں اے کس بیکساں تو دانی
پیش تو نہ دیں نہ طاعت آرم
افلاس تہی شفاعت آرم
گر تن حبشی سرشتۂ تست
ور خط ختنی نبشتۂ تست
گر باز بداور م نشانی
اے داور داوراں تو دانی

امیر خسرو

ہم تو دل پاک دہ زباں ہم
در مدحت خویش بلکہ جاں ہم
پیداست کہ نیست از ہمہ ہست
نقدیم بجز امید در دست
افلاس ببین واز سر جود
بکشائے خزینہائے مقصود
گیرم کہ نیم بلطف در خور
آخر نہ کہ بندہ ام بریں در
گر رحمت تست بر نکو زیست
رحمت کن بندگان بد کیست
چوں زان توایم پاک و ناپاک
ہم تو بکرم نگر دریں خاک
آخر نہ گلم سرشتۂ تست
نیک و بدمن نوشتۂ تست
جرمم منگر کہ چارہ سازی
طاعت مطلب کہ بے نیازی

امیر خسرو

گر فضلِ تو رحمتے نریزد

از طاعتِ چوں منے چہ خیزد

مجموعۂ اشعار پڑھنے سے عجز و شکستگی کا رنگ امیر خسرو کے اشعار میں زیادہ نمایاں ہے۔ بندۂ کمینہ، تنِ گناہ پرورد، خاک، بندۂ در، ناپاک، عذر خواہ، بے سر و پا، افلاس، رحمت، عفو، شفیع، یہ عاجزانہ الفاظ امیر خسرو کے یہاں ہیں۔ مولٰنا نظامی کے یہاں اس رنگ کے الفاظ بیدل، عاجز، وجودِ پست، افلاسِ تہی، بیکس، تن جستے، شفاعت اور لطف ہیں۔ خود ان الفاظ کا مقابلہ کرو تو باعتبار اکثر امیر خسرو کے الفاظ میں انکسار و شکستگی زیادہ پاؤگے۔

امیر خسرو		مولٰنا نظامی
بردار مرا کہ اوفتادم	(۱)	دستے کہ فتادنفسِ خود رائے
از مرکبِ جہد خود پیادم		در مطرحِ سیل بے سر و پائے

بردار، دستے۔ اس موقع پر دستے کہکر مدد طلب کرنا بمقابلہ بردار کے زیادہ موثر ہی۔ مولٰنا نظامی کے شعر میں یہ مضمون ہی کہ ایک شخص گھوڑے سے گر گیا ہی اور کہتا ہے بردار (اُٹھاؤ) امیر خسرو یہ سماں دکھاتے ہیں کہ ایک شخص سیلاب میں اُچھلتا ڈوبتا چلا آتا ہی اور چلاتا ہی دستے، (ہاتھ پکڑنا) بتاؤ دیکھنے والے کے دل پر کس کا درد زیادہ اثر کرے گا ؟ یقیناً ڈوبنے والے کا۔ فرض کرو تم دونوں واقعے ایک ساتھ اپنی آنکھ سے

دیکھتے ہو۔ ڈوبتے ہوئے کو بچا کر گھوڑے سے گرنے والے کو اٹھاؤ گے۔ سوار گھوڑے سے گر کر اکثر خود دامن جھاڑ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ جو سیلاب میں بے قابو ہو جائے اُس کو خدا ہی بچائے تو بچے۔

مولٰنا نظامی — امیر خسرو

(۲)

گر قہر سزائے ماست آخر — گر رحمت تست بر نکو زیست

ہم لطف برائے ماست آخر — رحمت کُن بندگان بد کیست

نیاز مندانہ ناز مولٰنا نظامی کے یہاں ہے امیر خسرو کے یہاں شان عجز۔ اوّل لطف اور رحمت کا موازنہ کرو۔ پھر اس عاجزانہ سوال پر غور کرو۔ ع

رحمت کُنِ بندگانِ بد کیست؟

مولٰنا نظامی — امیر خسرو

(۳)

پیشِ تو نہ دیں نہ طاعت آرم — افلاس ببین و از سر جود

افلاسِ تہی شفاعت آرم — بخشائے خزینہائے مقصود

اپنے اپنے رنگ میں دونوں شعر لاجواب ہیں۔ خسروی عجز مولٰنا نظامی کے شعر میں ہے اور نظامی شوکت امیر خسرو کے شعر میں۔ امیر خسرو کے سوال میں بھی اس موقع پر شان خسروی ہے

بخشائے خزینہائے مقصود

افلاس جود خزینہ مناسب الفاظ ہیں۔ مولٰنا کے یہاں "تہی" کے لفظ نے شعر میں جان ڈال دی ہے

مولٰنا نظامی — امیر خسرو

(۴)

یک ذرہ ز کیمیائے اخلاص — جانیم رساں کز اوج اخلاص

گر بر مسِ من نہی شود خاص — یوم بقدر شستگی شود خاص

مولنا نظامی ایک ذرۂ اخلاص کے طالب ہیں۔ امیر خسرو اوجِ اخلاص پر صعود چاہتے ہیں۔ مس کو سونا کر دینے سے دیو کو فرشتہ بنا دینے میں زیادہ ترقی ہے۔ امیر خسرو کا مضمون زیادہ بلند ہی۔

(گزارش)

امیر خسرو	مولنا نظامی
زینساں کہ امید دارم از تو	روزیکہ مرا ز من ستانی
خواہش بجز ایں ندارم از تو	ضائع مکن از من آں چہ دانی
کاندم کہ دمم ز تن برآید	وانگہ کہ مرا بہ من دہی باز
با نامِ تو جانِ من برآید	یک سایۂ لطف بر من انداز
در حجلۂ قدس بخش جایم	آں سایہ کہ از چراغ دور ست
تا با تو بہ جانبِ تو آیم	آں سایہ کہ آں چراغ نور ست
آں راہ نما بہ من نشانی	تا با تو چراغِ نور گردم
کاندر تو رسم دگر تو دانی	چوں نور ز سایہ دور گردم

مولنا نظامی نے دو سوال کیے ہیں۔ ایک اوّل شعر میں ضائع مکن از من الخ اس میں قبولِ عمل کا پہلو ہی۔ دوسرے سوال کا بیان دوسرے شعر سے شروع ہو کر چوتھے پر ختم ہوتا ہی۔ انتہا یہ ہے ع

تا با تو چراغِ نور گردم

امیر خسرو صرف ایک سوال کرتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں ع

خواہش بجز ایں ندارم از تو

سوال کی انتہا یہ ہے ع

کاندر تو رسم دگر تو دانی

دونوں انتہائی مصرعوں پر غور کرو اور دیکھو کہ فنا فی اللہ کا مضمون کس میں زیادہ نمایاں ہے؟ یقیناً امیر خسرو کے مصرع میں۔ دیکھو مولٰنا نظامی کا مدعا ختم ہو جاتا ہے ع

تا با تو چراغِ نور گردم

امیر خسرو فنا فی اللہ کے بعد بھی ترقی مدارج کے آرزومند ہیں ع

کاندر تو رسم دگر تو دانی

دگر تو دانی میں مدارج کی انتہا نہیں۔ علم قدیم غیر متناہی ہے۔ علیٰ ہذا سوال کی بھی انتہا نہیں۔ جہاں تک رسائی فہم تھی، مدعا ظاہر کیا اور خوب ظاہر کیا۔ آگے حضرتِ کریم کے علمِ قدیم کے حوالہ کر دیا۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ۔ مولٰنا نظامی کے یہاں نور، سایہ اور چراغ کا تلازم بہت خوب ہے۔ امیر خسرو نے صاف صاف الفاظ میں مدعا عرض کر دیا ہے۔ اوّل حجلۂ قدس میں مقام چاہتے ہیں پھر وہاں سے رفیقِ اعلیٰ کی رفاقت میں قدم آگے بڑھتا ہے ع

تا با تو بہ جانبِ تو آیم

انتہائے سیر ع

کاندر تو رسم دگر تو دانی

نہیں نہیں کچھ انتہا ہی نہیں۔ لفظ نہانی کس قدر بلیغ و حسب حال ہی۔ امیر خسرو نور ظلمت کے مضمون کو دوسرے عنوان سے بیان کرتے ہیں:

عفو تو کہ مشعلیست پُر نور | از ظلمت راہِ من مکن دُور
روشن کن ازاں نمط رہیم را | کاری بہ سحر شبانگہم را

ظلمتِ شب کو نورِ سحر سے بدل دینا کمال تنویر ہی۔ ان دو شعروں کا مقابلہ کرو۔

مولٰنا نظامی (۲) امیر خسرو

وانگہ کہ نفس بآخر آید | کاندم کہ دمم زتن برآید
ہم خطبۂ نام تو سرآید | با نامِ تو جانِ من برآید

ظاہر ہی کہ مضمون دونوں شعروں کا ایک ہی یعنی خاتمہ تیرے نام پر ہو۔ خطبہ کے لفظ سے مولٰنا نظامی کے مصرع میں خاص شانِ بلاغت پیدا ہوگئی ہی۔ بیان امیر خسرو کا زیادہ موثر ہی جو موقع کے بالکل مناسب ہی۔ مولٰنا نظامی فرماتے ہیں جب نَفَس آخر ہو (زندگی ختم ہو) تو تیرے نام کا خطبہ پڑھ رہا ہو۔ امیر خسرو فرماتے ہیں جب دم نکلے تو جان تیرا نام لیتی ہوئی نکلے۔ جان اور نَفَس میں جس قدر فرق ہی اُسی قدر نام کی محبوبیت میں فرق اسلوبِ بیان سے مفہوم ہوگا۔ امیر خسرو کے کلام میں "با نامِ تو" میں لفظ "با" نے خاص لطف پیدا کیا ہی جو رفاقت پر دلالت کرتا ہی۔ مولٰنا کے شعر میں نَفَس نام پاک لیتا ہوا ختم (آخر) ہو رہا ہی۔ امیر خسرو کے کلام میں جان نامِ پاک

کے ساتھ جاری ہے۔ "برآید" پر غور کرکے دیکھو کہ کہاں۔ کچھ شبہ نہیں کہ یہ خوبی مضامین حضرت نظام المشایخ کی صحبت کا فیض ہے۔ رضی اللہ عنہ۔

مولٰنا نظامی کے اشعار ذیل نہایت بلیغ اور اثر عجز و نیاز میں ڈوبے ہوئے ہیں۔

من بیکس و رفتہ از تنہائی — ہاں اے کس بیکساں تو دانی
پیش تو نہ دیں نہ طاعت آرم — افلاس تہی شفاعت آرم
گر تربیتے سرشتۂ تست — ور خط خطی نبشتۂ تست

"ہاں اے کس بیکساں" سبحان اللہ۔ اخیر شعر کا مضمون اور تقابل الفاظ کمال استادی ہے۔

نعت

مولٰنا نظامی	امیر خسرو
اے ختم پیمبران مرسل	شاہ رسل و شفیع مرسل
حلوائے پسین و ملح اوّل	خورشید پسین و نور اول
اے حاکم کشور کفایت	سلطان ممالک رسالت
فرماں دہ جملۂ ولایت	طغرائے صحیفۂ جلالت
اے خاک تو توتیائے بینش	ہم نور دہ چراغ بینش
روشن بہ تو چشم آفرینش	ہم چشم و چراغ آفرینش
خاک تو ادیم روئے آدم	گنجینۂ کیمیائے عالم
نور تو چراغ ہر دو عالم	پیش از ہمہ پیشوائے عالم

مولانا نظامی

ہر کہ آرد با تو خود پرستی
شمشیرِ ادب خورد دو دستی

اے شاہ سوارِ ملکِ ہستی
سلطانِ خرد بہ چیرہ دستی

اے بر سرِ سدرہ شاہراہت
وے بر سرِ عرش تکیہ گاہت

رفتہ ز ورائے عرشِ والا
ہفتاد ہزار پردہ بالا

اے صدر نشینِ ہر دو عالم
محرابِ زمین و آسماں ہم

گشتہ زمیں آسمان ز دینت
نے نے شدہ آسماں زمینت

ہر عقل کہ بے تو سپے نبردہ
ہر جاں کہ نہ زندۂ تو مُردہ

عقل ارچہ خلیفۂ شگرفست
بر لوحِ سخن تمام حرفست
ق

امیر خسرو

سرکوبِ مخالفانِ ابتر
تن پوشِ برہنگانِ محشر

شاہنشہِ تختِ آسمانی
خوانندۂ تختۂ نہانی

مجو بہ کشاے پردۂ غیب
گنجورِ خزینہاے لاریب

پروانہ رسانِ ظلمت و نور
وز نور دو خاں نوشتہ منشور

یٰسیں ز دہانش دُرفشاندہ
طاہاش وان یکاد خواندہ

نامش بہ سریرِ پادشاہی
توقیعِ سپیدی و سیاہی

جاروب زنانِ بارگاہش
از پرِّ فرشتہ رُفتہ راہش

شمشیرِ سیاستش سرانداز
شمشیرِ زبانش گوہرانداز

مولٰنا نظامی

ق

ہم مُہرِ مؤیدی ندارد

تا دینِ محمدی ندارد

اے شاہِ مقرّبانِ درگاہ

نامِ تو ورائے ہفت خرگاہ

صاحب طرفِ ولایتِ جود

مقصودِ جہان جہانِ مقصود

سرجوشِ خلاصۂ معانی

سرچشمۂ آبِ زندگانی

سرخیل توئی و جملہ خیل اند

مقصود توئی ہمہ طفیل اند

سلطانِ سریرِ کائناتی

شاہنشہِ کشورِ حیاتی

امیر خسروؒ

ذیلِ کفش ز فتنہا دور

خاکِ قدمش بدیدہا نور

در مکتبِ کاف و نون شب و روز

زد جملہ رسل دو حرف آموز

کلک از صفتش زبان بریدہ

نہ سحر ز کلکِ او چکیدہ

لشکر کشِ آسمان غلامش

تعویذِ کلاہ کردہ نامش

خورشید بہ نیلگوں عماری

دربانِ درش بہ پردہ داری

مولٰنا نظامی کے مطلع کے مصرعِ اوّل میں صرف ایک صفت ختمِ رسالت کا ذکر ہے۔ دوسرا مصرع بہت مشہور ہے اور اس میں حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوّل و آخر شرف کو نہایت لطیف و مرغوب پیرایہ میں بیان فرمایا ہے۔ یعنی ملح اوّل و حلوا پسین خوانِ کریم پر دستورِ قدیم کے مطابق آغاز نمک سے ہوتا ہے۔ خاتمہ حلوہ یا شیرینی پر

جب کائنات کا خوان کرم بچھا تو اُس پر صلائے عام کا آغاز و انجام ذات اقدس سے ہوا۔ روحی فداہ۔ نہ صرف یہ بلکہ جس طرح نمک قوام بدن کا باعث اور غذا میں لطفِ ذوق پیدا کرنے والا ہے اسی طرح ذات ہمایوں قوام و صلاح عالم کا اصلی سبب اور جمالِ مبارک تمام کائنات کا نمک اور حُسن تھا۔ خاتمہ دسترخوان کا حلوہ پر ہوتا ہے جو علاوہ خوش ذائقہ ہونے کے ہاضم طعام ہونے کی حیثیت سے غذا کے اصل مفاد کے حصول کا ذریعہ ہوتا ہے۔ شیرینیٔ ذوق کی اعلیٰ ضیافت ہے۔ اسی طرح ذات مبارک پر رسالت کا خاتمہ تمام اگلی رسالتوں کی تعلیم کی کامیابی اور مرغوب ترین انجام تھا۔ امیر خسرو کے مطلع کے اوّل مصرع میں دو صفتیں مذکور ہیں ایک سروری انبیا دوسری شفاعتِ مذنبین۔ دوسرا مصرع بہت بلند پایہ ہے۔ ع

حلوائے پسین و ملحِ اوّل

امیر خسرو فرماتے ہیں: ع "خورشید پسین و نورِ اوّل"۔ اس مضمون میں قابل غور یہ ہے کہ خورشید کے طلوع ہوتے ہی سارے ستارے نظروں سے غائب ہو جاتے ہیں اور خورشید سب کا تنہا قایم مقام بن جاتا ہے۔ آفتاب رسالت کے طلوع ہونے سے تمام ادیان سابقہ کے انوار محو ہو گئے اور نورِ حق کی روشنی سے عالم رشکِ روزِ روشن بن گیا۔ دیکھو ایک لطیف مضمون۔ سورج کا نکلنا ستاروں کے فنا کا باعث نہیں ہوتا بلکہ اُن کے انوار نورِ آفتاب میں محو و جذب ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح شرع محمدی نے تمام ادیان کی خوبیوں کو احاطہ کر لیا ہے۔ ملح اوّل کے مقابل نورِ اوّل حدیث کا مضمون ہے۔

اوّل ما خلق اللہ نوری اور شان و جلالت کے عین مطابق۔ مُلّا مکتبی شیرازی کا مصرع ہے

خورشید پسین و صبح اوّل

صبح اوّل میں وہ عالم نہیں جو نور اوّل میں ہے۔

امیر خسرو		مولنا نظامی
سلطانِ ممالکِ رسالت	(۲)	اے حاکمِ کشورِ کفایت
طغرائے صحیفۂ جلالت		فرماں دہِ جملۂ ولایت

امیر خسرو کے شعر کا ترفع کسی شرح کا محتاج نہیں۔ حاکم کشور کفایت کے مقابل سلطان ممالک رسالت ہر لفظ زور و شکوہ میں بڑھکر ہے۔ ع فرماں دہ جملۂ ولایت ع طغرائے صحیفۂ جلالت۔ مضمون اگرچہ جدا ہے تاہم شکوہ الفاظ محتاج بیان نہیں۔

امیر خسرو		مولنا نظامی
ہم نور دہِ چراغِ بینش	(۳)	اے خاکِ تو توتیائے بینش
ہم چشم و چراغِ آفرینش		روشن بہ تو چشمِ آفرینش

توتیا آنکھ کو قوت دیتا ہے جس سے ایک شخص دیکھ سکتا ہے بشرطیکہ عالم روشن ہو۔ امیر خسرو فرماتے ہیں کہ چراغ بینش کا نور تیز کر دیا جس سے ہزاروں آنکھوں کے سامنے منظر حقیقت روشن و عیاں ہو گیا۔ دوسرے مصرع میں روشن کا مقابلہ چشم و چراغ سے کرو علاوہ شوکت الفاظ کی قوت ہدایت صاف دیدہ افروز ہو گی۔ نہ صرف آنکھیں کھولیں

بلکہ شاہ راہِ معرفت پر چراغ بھی رکھدیا۔ امیر خسرو کا دوسرا مصرع ہی ع

خاکِ قدمت بدیدہا نور

مقابلہ کرو۔ ع

اے خاکِ تو توتیائے بینش

فرق صاف روشن ہی۔

امیر خسرو	مولنا نظامی
گنجینۂ کیمیائے عالم	خاکِ تو ادیم روئے آدم (۴)
پیش از ہمہ پیشوائے عالم	نورِ تو چراغِ ہر دو عالم

مولنا نظامی کے اوّل مصرع میں خاکِ پاک روئے آدم کی رونق کا باعث ہی۔ ادیم و آدم کا تناسب طرفہ ہر۔ امیر خسرو نے کیمیائے عالم سے اُس صفت کو بیان کیا جس نے قلب کی ماہیت بدل کر مس سے کُندن بنا دیا۔ ظاہر کی رونق سے اندرونی صفائی پیدا کرنے میں زیادہ کمال ہی۔ دوسرے مصرعوں کا مضمون جُدا جُدا ہے۔ بندش دونوں کی قابل داد ہی۔

امیر خسرو	مولنا نظامی
سرکوبِ مخالفانِ ابتر	ہر کہ آرد با تو خود پرستی (۵)
تن پوشِ برہنگانِ محشر	شمشیرِ ادب خورد دو دستی

مولنا نظامی کے شعر میں صرف شانِ جلال کا ظہور ہی۔ امیر خسرو نے پہلے مصرع میں اس مضمون کو ختم کر کے دوسرے میں شانِ رحمت بھی دکھلا دی ہی اور کیسے دلگداز

الفاظ میں ع

تن پوشِ برہنگانِ محشر

صلی اللہ علیٰ خیر خلقہ۔

ہم مضمون وہم قافیہ اشعار کا مقابلہ ختم ہو چکا۔ باقی اشعار دونوں اُستادوں کے اپنے اپنے رنگ میں فرد ہیں۔ مولنٰا نظامی کے حسب ذیل اشعار کس قدر بلیغ ہیں:

اے صدر نشینِ ہر دو عالم — محرابِ زمین و آسماں ہم
گشتہ زمیں آسماں زدینت — نے نے شدہ آسماں زینت
ہر عقل کہ بے تو۔ پے نبردہ — ہر جاں کہ نہ زندۂ تو۔ مردہ
سرجوشِ خلاصۂ معانی — سرچشمۂ آبِ زندگانی
صاحب طرفِ ولایتِ جود — مقصودِ جہاں جہانِ مقصود
سر خیل توئی وجملہ خیل اند — مقصود توئی ہمہ طفیل اند

امیر خسرو کے اشعار ذیل غالباً زیادہ بلیغ اور شانِ رسالت کے مُظہر ہیں۔

مجو بہ کشائے پردۂ غیب — گنجورِ خزینہائے لاریب
پروانہ رسانِ ظلمت و نور — وز نور دو خاں نوشتہ منشور
یٰسیں زدہانش دُر فشاندہ — طاہاش وان یکا دخواندہ
جاروب زنانِ بارگاہش — از پرِّ فرشتہ رُفتہ راہش
در مکتبِ کاف و نون شب و روز — زو جملہ رسل دو حرف آموز

معراج

معراج کے ذکر میں معرکہ کا مقام قربِ خاص کا بیان ہی اور وہاں کمال شاعری معلوم ہوتا ہی۔ سب سے اوّل یہ دیکھنا ہی کہ دونوں اُستادوں نے اس موقع پر کیا پیرایہ اختیار فرمایا ہی۔

مولانا نظامی	امیر خسرو
ہم حضرتِ ذو الجلال دیدی	دید آں چہ عبارتش نسنجد
ہم سرِّ کلامِ حق شنیدی	در حوصلۂ خرد نگنجد
از غایتِ فہم و نورِ ادراک	دیدارِ خدائے دید بے غیب
ہم دیدن و ہم شنیدنت پاک	گفتار ز حق شنید بے ریب
در خواستی آں چہ بود کامت	زاں گفت و شنیدِ بے کم و کاست
درخواستہ خاص شد بنامت	ہم گفتن و ہم شنیدنت راست
از قربتِ حضرتِ الٰہی	کرد از کفِ غیب شربتے نوش
باز آمدی آں چنانکہ خواہی	کز ہستیِ خویش شد فراموش
گلنار شگفتہ از جبینت	ایزد ز کمالِ مہربانی
توقیعِ کرم در آستینت	دادش بہ کمال ہر چہ دانی
آوردہ براتِ رستگاراں	بنواخت بہ عزّتِ سلامش
از بہرِ چو ما شکستہ کاراں	بسپرد ودیعتِ کلامش

امیر خسرو

مقصودِ دو کون ہر تنش ریخت

گنجِ دو جہاں بدامنش ریخت

بابخششِ پاک بندۂ پاک

آمد سوئے بند خانۂ خاک

آورد ز حضرتِ خداوند

منشورِ نجاتِ عاصیِ چند

مولٰنا نظامی نے تصریح فرما دی ہے

ہم حضرتِ ذوالجلال دیدی ہم سِرّ کلامِ حق شنیدی

امیر خسرو نے جن الفاظ میں اس موقع کا ذکر کیا وہ بہت بلیغ و پرمعنی ہیں

دید آں چہ عبارتش نسنجد در حوصلۂ خرد نگنجد

وہ نظارہ ضرور ایسا ہی تھا جو وسعتِ عبارت اور حوصلۂ خرد دونوں سے ماورا تھا

مولٰنا نظامی کے مطلب کو امیر خسرو نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے

دیدارِ خدائے دید بے غیب گفتار ز حق شنید بے ریب

"دیدارِ خدائے دید بے غیب" میں جو شانِ رویت ہے وہ غالباً "ہم حضرتِ ذوالجلال دیدی" میں نہیں ہے۔

مولٰنا نظامی	امیر خسرو

از غایتِ فہم و نورِ ادراک | زاں گفت و شنیدِ بے کم و کاست
ہم دیدن و ہم شنیدنت پاک | ہم گفتن و ہم شنیدنت راست

مولٰنا نظامی کا پہلا مصرع بہت بلیغ ہی اور رسالت کے فہم و ادراک کی شان نہایت پر معنی الفاظ میں ظاہر فرمائی ہی۔ وہ موقع جس اہتمام و احتیاط کا تھا اُس کا اظہار امیر خسرو کے الفاظ "بے کم و کاست" اور "راست" میں لفظ "پاک" سے زیادہ مصرح ہی۔ عنایت سرمدی کا ذکر مولٰنا نظامی ان الفاظ میں فرماتے ہیں ؎

درخواستی آں چہ بود کامت | درخواستہ خاص شد بنامت

یعنی جو کچھ مقصود تھا آپ نے چاہا اور جو چاہا عنایت خاص سے عطا ہوا۔ امیر خسرو فرماتے ہیں ؎

ایزد بکمالِ مہربانی | دادش بکمالِ ہر چہ دانی

اوّل تو بے مانگے بخشا پھر کمال مہربانی کو کمال بخشش کے ساتھ ملا کر غور کرو تو ذہن عطیۂ الٰہی کی عظمت سے مالامال ہو جائیگا۔ خداوند ذوالجلال کمالِ عنایت سے بخشش علیٰ وجہ الکمال فرمائے تو اُس کا اندازہ کون کر سکتا ہی۔ اسی لئے امیر خسرو زورِ کلام کو مزید ترقی دیتے ہیں اور فرماتے ہیں "ہر چہ دانی"۔ امیر خسرو کے ان اشعار کو پڑھو لطفِ سرمدی کا نقشہ آنکھوں میں پھر جائیگا ؎

کرد از کفِ غیب شربتے نوش | کز ہستیِ خویشش شد فراموش

بنواخت بہ عزتِ سلامش | بسپرد ودیعتِ کلامش
مقصودِ دوکون بر تنش ریخت | گنجِ دوجہاں بدامنش ریخت

مراجعت ملاحظہ ہو۔ مولنٰنا نظامی ؎

از قربتِ حضرتِ الٰہی | باز آمدی آں چنانکہ خواہی
گلنارِ شگفتہ از جبینت | توقیعِ کرم در آستینت
آوردہ براتِ رستگاراں | از بہرِ چو ما شکستہ کاراں

امیر خسرو ؎

بانجششِ پاک بندۂ پاک | آمد سوئے بند خانۂ خاک
آوردز حضرتِ خداوند | منشورِ نجاتِ عاصیِ چند

مولنٰنا نظامی کا دوسرا شعر بہت بلند پایہ ہی۔ خصوصاً دوسرا مصرعٔ "توقیعِ کرم در آستینت" امیر خسرو نے ؎ بانجششِ پاک بندۂ پاک ٭ آمد سوئے بند خانۂ خاک ٭ میں کمال عبودیت کو جو کمال محمدی ہی عیاں فرمایا ہی۔ کیسا پاکیزہ مصرع ہی ع

بانجششِ پاک بندۂ پاک

اس شعر کو اُن اشعار کے ساتھ ملا کر پڑہو جو قرب خاص کے بیان میں گزرے، حفظ مراتب اور پاس ادب کی داد دل سے نکلے گی۔

مولنٰنا نظامی کے اخیر شعر کا امیر خسرو کے اخیر شعر سے مقابلہ کروگے تو امیر خسرو کا شعر زیادہ چست معلوم ہوگا۔

ایک اور موقع دیکھو۔ حضرت جبرئیل علیہ السّلام کی آمد:

امیر خسرو	مولنا نظامی
از سدرہ رسید مرغ والا	جبریل رسید طوق در دست
خواندش بہ نوید حق تعالیٰ	کز بہر تو آسماں کمر بست
آورد جنیبۂ فلک گام	ہر ہفت فلک کہ حلقہ بستند
فردوس نورد و فرقد آشام	نظّارۂ تست ہر چہ ہستند
داد از نمط جنیبہ داری	برخیز وہلا نہ وقت خواب ست
شہ را بہ جنیبہ شہسواری	مہ منتظر تو آفتاب ست
آں شاہ سوار آسماں گرد	
آہنگ بہ گشت آسماں کرد	

آگے باقی سیّاروں کا ذکر کرکے فرماتے ہیں:

امشب شب قدر تست دریاب
قدر شب قدر خویش دریاب
آرایش سرمدی ست امشب
معراج محمدی ست امشب

اشعار بالا کے مقابلہ سے واضح ہوگا کہ غالباً حفظ مراتب کلام خسروی میں زیادہ ہے۔ اور زور کلام مولنا نظامی کے یہاں۔

روانگی معراج کے موقع پر:

امیر خسرو	مولنا نظامی
اوّل ز سرائے ام ہانی	سر بر زدہ زیں سرائے فانی
شد محرم کعبۂ یمانی	بر اوج سرائے ام ھانی

امیر خسرو

پس داد بابروئے مقوّس

محراب بہ قبلۂ مقدّس

در قبلہ شد و بہ قعدہ بنشست

تحریمہ بہ قبلۂ سمابست

علاوہ خوبیِ کلام امیر خسروؔ کے اشعار میں شانِ عبودیت کا پورا جلوہ ہے۔

امیر خسرو	مولٰنا نظامی
بازارِ جہت گذاشت برجائے	بازارِ جہت بہم شکستی
بنہاد بہ نطعِ بے جہت پائے	از زحمتِ فوق وتحت رستی
سرزاں سوئے کائنات برکرد	خرگاہ بروں زدی زکونین
ملکِ ازل وابد نظر کرد	در حجلۂ قربِ قابَ قوسین

زورِ کلام امیر خسرو کے یہاں زیادہ ہی۔ دیکھو انسان جب کسی بلند مقام پر پہنچتا ہی تو شوق سے چاروں طرف کا منظر دیکھتا ہی۔ امیر خسروؔ نے کیسا نظارہ گاہ پیدا کیا۔ ع

ملکِ ازل وابد نظر کرد

مولٰنا نظامی کا یہ شعر ؎

جبریل زہمرہیت ماندہ اللہ معک زدورخواندہ

لاجواب ہی۔ اللہ معک لاکھوں موقعوں پر استعمال ہوا ہوگا، لیکن شاید ہی اس سی بہتر

مستعمل ہوا ہو۔ عالم ملکوت میں اپنے مرتبہ پر حضرت جبریل کا رہ جانا اور دُور سے "اللہ معک" زبان پر لانا کس دلآویز اور بلیغ پیرایہ میں آپ کے علو مرتبہ اور تقرب الٰہی پر دلالت کرتا ہی۔ اللہ معک معمولاً کلمۂ رخصت ہی لیکن اس موقع پر جو قرب ذاتِ باری کا پہلو اُس میں نکل رہا ہے وہ شانِ بلاغت بلکہ جانِ بلاغت ہی۔ حضرت جبریل بارگاہ جلال میں قدم آگے نہیں بڑھا سکتے اور دُور سے کہتے ہیں اللہ آپ کے ساتھ ہی۔ یعنی اب خدا کی ذات اور آپکے سوا اور کوئی نہیں۔ اُردو میں اس موقع پر "اللہ کے سپرد" کہتے ہیں لیکن اُس میں یہ پہلو نہیں۔ مولنا نظامی کی عربی فقروں کی تضمین کندن میں نگینہ ہی۔ بعض نمونے اوپر بھی دیکھ آئے ہو۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

مقابلہ کی کشمکش دیباچہ کے مضامین (خصوصاً مضامین مذکورۂ بالا) میں ختم ہو جاتی ہی۔ آگے (داستان لیلیٰ مجنوں کا میدان) اقلیم خسروی ہے ع

شرکت نبرد بہ ملک راہی

صرف دونوں اُستادوں کا کلام بالمقابل پڑھنے سے فرق عظیم نمایاں ہو جاتا ہے۔ لہذا وجوہ مقابلہ کی تفصیل تحصیل حاصل ہی۔ معلوم ہوتا ہی کہ خود مولنا کو اس کا احساس تھا کہ یہ میدان اُن کے اشہب قلم کے واسطے تنگ ہی۔ چنانچہ سبب تالیف میں اُس موقع پر فرماتے ہیں جب فرمان شاہی داستان لیلیٰ مجنوں کے نظم کرنے کی بابتہ پہنچا ہی۔ مولنا کو تامل ہی۔ صاحبزادہ محمد نظامی کو اصرار کہ شاہی فرمایش کی تعمیل ضرور ہو۔

گفتم سخنِ تو ہست برجائے ۔۔۔ اے آئینہ روئے و آہنیں رائے

لیکن چہ کنم ہوا دو رنگ ست | کاندیشہ فراخ و سینہ تنگ ست
دہلیز فسانہ چوں بود تنگ | گردد سخن از شد آمدن لنگ
میدانِ سخن فراخ باید | تا طبع سواریٔ نماید
اسباب سخن نشاط و نازست | زیں ہر دو سخن بہانہ سازست
بر شیفتگی و بند و زنجیر | باشد سخنِ برہنہ دلگیر
ایں آیۃ اگرچہ ہست مشہور | تفسیرِ نشاط ہست ازو دور
در مرحلۂ کہ رہ ندانم | پیداست کہ نکتہ چند رانم
نے باغ نہ بزمِ شہریاری | نے رود نہ مے نہ کامگاری
بر خشکیٔ ریگ و سختیٔ کوہ | تا چند رود سخن بانبوہ

دیکھو، امیر خسرو کی روانی طبع نے اسی خشک ریگ اور سنگ لاخ پہاڑ پر فصاحت کے دریا بہا دئے اور رنگینیٔ کلام سے اُن کو رشک گلستاں بنا دیا۔ فقد صدق فصح العرب والعجم صلّی اللہ علیہ وسلم اِنَّ مِنَ البَیانِ لَسِحراً۔

جمالِ لیلیٰ

مولانا نظامی	امیر خسرو
بود از صدفِ دگر قبیلہ	بود از صفِ آں بتان دلخواہ
ناسفتہ دُرّیش[1] ہم طویلہ	ماہی کہ زد آفتاب را راہ

[1] ضمیر شش راجع بہ جانب مجنون ۱۲ حسرت

مولنا نظامی

آفت نرسیدہ دخترے خوب
چوں عقل بہ نامِ نیک منسوب
آراستہ لعبتے چو ماہے
چوں سروِ سہی نظارہ گاہے
شوخے کہ بہ غمزۂ کمینہ
سفتے نہ یکے ہزار سینہ
آہو چشمے کہ ہر زمانے
کشتے بکرشمہ جہانے
ماہِ عربی بہ رخ نمودن
ترکِ عجمی بہ دل ربودن
زلفش چو شبے رخش چراغے
یا مشعلۂ بہ چنگِ زاغے
محبوبہ بیتِ زندگانی
شہ بیتِ قصیدۂ جوانی
تعویذِ بتانِ ہمنشیناں
در خوردِ کنارِ نازنیناں

امیر خسرو

لیلیٰ نامے کہ مہ غلامش
خالش نقطے ز نقشِ نامش
مشعل کشِ آفتاب و انجم
دیوانہ کنِ پری و مردم
تاراج گرِ متاعِ جانہا
بنیاد شگافِ خانمانہا
سلطانِ شکرلبانِ آفاق
لشکر شکنِ شکیبِ عشاق
گردن زنِ عافیت فروشاں
تشویش دہِ صلاح کوشاں
سرتا بہ قدم کرشمہ و ناز
ہم سرکشِ حسن و ہم سرافراز
نازے و ہزار فتنہ در دہر
چشمے و ہزار کشتہ در شہر
چشمش ز کرشمہ مست و بیہوش
آہو برہ بہ خواب خرگوش

مولنا لطفی

بر رشتهٔ عقدِ زلف و خالش
آموده جواهرِ جمالش
گلگونه ز روی خویش پرورد
سرمه ز سوادِ مادر آورد
در ہر دلے از ہواش میلے
گیسوش چو لیل و نام لیلے
شکّر شکنی بہر چہ خواہی
شکّر شکن از شکر چہ خواہی

امیر خسرو

خنداں چو سمن بہ تازہ روئی
شیریں چو شکر بہ تلخ گوئی
از وسوسہ چشم دیو بستہ
تسبیحِ فرشتگاں گسستہ
نے بت کہ چراغ بت پرستاں
طاؤسِ بہشت و کبکِ بستاں
فرمودہ کلالہ را سواری
دادہ مژہ را سلاح داری
افگندہ بہ دوش زلف چوں شست
او بے خبر و نظارگی مست
معجونِ لبش بہ دُر فشانی
پروردہ بہ آبِ زندگانی
ہمخوابۂ لالہ گیسوانش
ہمشیرۂ انگبیں دہانش
خورشید غلام زادۂ او
مہ داغِ جبیں نہادۂ او

امیر خسرو

اندر صفتِ آں بتانِ شیریں
چوں زہرہ بہ نور و مہ بہ پرویں

ابتدائے عشق

مولٰنا نظامی

عشق آمد و جام جام درداد
جامے بدو خوئے خام درداد
مستی بہ نخست بادہ سخت ست
افتادنِ نا فتادہ سخت ست
چوں از گلِ مہر بو گرفتند
با خود ہمہ روزہ خو گرفتند
ایں جاں بہ جمالِ او سپردہ
دل بردہ و لیک جاں نبردہ
آں بر رخِ او نظر نہادہ
دل دادہ و کام دل ندادہ
عشق آمد و خانہ کرد خالی
برداشتہ تیغ لااُبالی

امیر خسرو

ہر دو بہ نظارہ روئے در روئے
وارفتہ خیال موئے در موئے
لب ماند ز گفتن و زباں ہم
دل گشتہ بہم یکے و جاں ہم
بیہوشیِ شاں بہ گفتنِ راز
خاموشیِ شاں بہ پردہ آواز
ہر دو بہ غم و گداز ماندہ
لب بستہ و دیدہ باز ماندہ
آں کردہ نظر بہ روئے ایں گرم
وافگندہ ز دیدہ برقعِ شرم
ایں تن بہ ہلاک ساز دادہ
او سینہ بہ تیغِ ناز دادہ

مولنا نظامی

غم داد و دل از کنار شان برد
وز دل شدگی قرار شان برد
زاں دل که بیکدگر بدادند
در معرض گفتگو فتادند
ایں پرده دریده شد بهر سوئے
واں راز شنیده شد بهر کوئے
ایں قصه که محکم آیتے بود
در هر دهنے حکایتے بود
کردند بسے بهم مدارا
تا راز نگردد آشکارا
بند سر نافه گرچه خشک ست
بوئے خوش او گواه مشک ست
بادے که ز عاشقی خبر داشت
برقع ز جمال عشق برداشت
کردند شکیب تا بکوشند
کاں عشق برهنه را بپوشند

امیر خسرو

ایں گفته غم خود از رخ زرد
او داده جوابش از دم سرد
ایں دیده درو به چشم پاکی
او نیز شده به شرمناکی
ایں کام خود از فغان خود دوخت
او سینهٔ خود ز آه خود سوخت
عشق آمد و خوں به خوں در آمیخت
خونابهٔ دل ز دیده می ریخت
اندیشه متاع صبر گم کرد
غم بر دل و دیده اشتلم کرد
سلطان خرد بروں شد از تخت
هم خانه بباد داد هم رخت
طوفاں ز تنور سر بر آورد
آفاق بموج خوں در آورد
افتاد ز فرق عافیت تاج
خازن شده و خزینه تاراج

امیر خسرو

دردادہ چو بادہ ساقیِ شوق
گم شد دو حریف در پےِ ذوق
مستاں ز شراب خانہ جستند
خُم بر سرِ محتسب شکستند
در شہرِ وفا در آمد آں بوئے
ہم خانہ خراب گشتہ ہم کوئے
عاشق منگر کہ داغ پوشد
کو مقنعہ بر چراغ پوشد
دستے کہ کند عبیر سائی
انگشت برو دہد گوائی
بودند بہ زاریِ آں دو غمخوار
در چنبرِ یکدگر گرفتار
میکرد دو سینہ جوشِ بر جوش
میرفت دو قصہ گوش در گوش
یاراں کہ ہمہ کنارہ بودند
دزدیدہ دراں نظارہ بودند

امیر خسرو

بینندہ بہ نقش ہیں از دور
عاشق بہ حسابِ خویش مستور
رازیکہ ز سینہا بجو شد
آں باز کند گرایں بپو شد
باشد چو خریطہ پر ز سوزن
بندی دہنش چہ زر روزن
بر روئے محیط پل تواں بست
نتواں لبِ خلق را زباں بست

مجنوں کی اشفتگی لیلی کی پردہ نشینی کے بعد

مولنا نظامی

مجنوں چو ندید روئے لیلی
از ہر مژہ کشادہ سیلی
میگشت بگرد کوئے و بازار
در دیدہ سرشک و در دل آزار
میگفت سرودہائے کاری
میخواند چو عاشقاں بہ زاری

امیر خسرو

چوں ماند پریوشِ حصاری
در حجرۂ غم بہ سوگواری
قیس از ہوسِ جمالِ دلبند
در درسِ ادب و دید یک چند
در گوشۂ صحن و کنج دیوار
می کرد سرودِ عشق تکرار

مولنا نظامی

هر صبحدمے شدی شتابان
سرپائے برہنہ در بیابان
او می شد و می زدند ہر کس
مجنوں مجنوں ز پیش و از پس
کوشید کہ رازِ دل بپوشد
با آتشِ دل کہ باز کوشد
خوں از جگرش بہ دل برآمد
وز دل بگذشت و بر سر آمد
او در غمِ یار و یار ازو دور
دل پر غم و غمگسار ازو دور
چوں شمع بہ ترکِ خواب گفتہ
ناسودہ بہ روز و شب نخفتہ
می کُشت بہ درد خویشتن را
می جُست دوائے جان و تن را
می کند بریں اُمید جانے
می کوفت سرے بر آستانے

امیر خسرو

آہی بہ جگر فرو دمی خورد
والماس بہ سینہ خورد می کرد
زاں ناوکِ غم کہ بے سپر بود
ہر دم خلہ ایش در جگر بود
زیں گونہ بہ چارۂ کہ دانست
می کرد شکیب تا توانست
چوں سیل غمش رسید بر فرق
از پردہ بروں فتاد چوں برق
بیروں شد و کرد پیرہن چاک
وافگندہ بہ تارک از زمیں خاک
گریاں بہ زمیں فتاد از تاب
ورخاک مراغہ کرد چوں آب
برداشت زخانہ راہِ صحرا
چوں خضر نمود میلِ خضرا
میرفت چو باد کوہ بر کوہ
خلقے زپیش دواں بانبوہ

مولنا نظامی

او بندهٔ یار رو بار در بند
از یکد گراں بہ بوئے خرسند
ہر شب بہ فراق بیت خواناں
چوں باد شدے بکوئے جاناں
در بوسہ زدی و باز گشتے
باز آمدنش دراز گشتے
در وقت شدن ہزار پرداشت
چوں آمد خار برگزر داشت

امیر خسرو

ہرکس زلطافت جوانیش
می خورد فسوس زندگانیش
اینش زدر ونہ پندمی داد
وانش بہ جفا گزندمی داد
طفلاں بہ نظارہ سنگ در دست
اینش زد و آں شکستۂ او خست
باآں شغبے کہ در گزر بود
دیوانہ ز خویش بے خبر بود
میراند ز آب دیدہ روئے
میگفت چو بلبلاں سروئے
می زد ز درون جاں دم سرد
زاں باد چو ریگ وجد می کرد

مجنوں کے نالہائے زار

مولنا نظامی

چوں ماندہ شد از عذاب اندوہ
سجادہ فزوں فگند زانبوہ
بنشست و بہ ہائے ہائے بگریست
کاوخ چہ کنم دوائے من چیست

امیر خسرو

ما ہیچکسان کوئے یاریم
ما سوختگان خام کاریم
جانے نہ و با خضر ہم آبیم
نورے نہ و یار آفتابیم

مولانا نظامی

آوارہ زخانمان چنانم
کز کوئے بہ خانۂ ندانم
نے بر درِ دیرِ خود پناہے
نے بر سرِ کوئے دوست راہے
قرابۂ نام و شیشۂ ننگ
افتاد و شکست بر سرِ سنگ
ویراں نہ چناں شدہ است کارم
کابادیِ خویش چشم دارم
اے کاش کہ بر من اوفتادے
بادے کہ مرا بہ باد دادے
یا صاعقۂ بر آمدے سخت
ہم خانہ بسوختے وہم رخت
کس نیست کہ آتشے درآرد
دود از تن و جانِ من برآرد
انداز دو در دمِ نہنگم
تا باز رہد جہاں ز ننگم

امیر خسرو

چوں گل بہ خوشی بہ خندہ کوشیم
ہر چند پلاس ژندہ پوشیم
گر از خز و پرنیاں گدائیم
در زیرِ گلیم بادشائیم
جامہ ز پلاس پارہ دوزیم
خانہ ز پئے نظارہ سوزیم
بے منتِ تاج سرفرازیم
بے منتِ دیدہ عشق بازیم
با شیر و گوزن ہمعنانیم
با زاغ و زغن ہم آشیانیم
در سایۂ بوم جائے رویم
بر نغمۂ جغد پائے کوبیم
گنجیست غم اندرونِ سینہ
مار است کلیدِ آں خزینہ
دل خستہ و گریہ خونِ ناب است
ہاں گر ہوسِ می و کباب است

مولنا نظامی

خونریز منِ خراب وخسته
هست از دیت وقصاص رسته

اے همنفسانِ مجلسِ رود
پدرود شوید جمله پدرود

کاں شیشۂ مے کہ بود در دست
افتادہ شد آبگینہ بشکست

اے بے خبراں ز دودِ آہم
خیزید رہا کنید راہم

من سوختہ ام مرا مسوزید
بر سوختگاں نمک مریزید

از پاے فتادہ ام بہ تدبیر
اے دوست بیاو دستِ من گیر

ایں خستہ کہ دل سپردۂ تست
زندہ بہ تو بہ کہ مردۂ تست

بنواز بہ لطف یک سلامم
جاں تازہ کنم بہ یک پیامم

امیر خسرو

یارب چہ خوش ست نالۂ زار
خاصہ ز درونہاے افگار

جانم ز فراق بر لب آمد
نے آی و یا بروں خرامد

جز نیم دلم نماند حالی
باز آے کہ خانہ گشت خالی

گفتی کہ صبور شو بہ دوری
دوری ز تو انگہے صبوری

بنماے رُخ چو یاسمینم
بنواز بہ شربتِ پسینم

تیغم بزن آستاں بکن پاک
بگزار کہ بر درت شوم خاک

گنجینۂ عشق شد وجودم
بے عشق مباد تار و پودم

آسودہ مباد جانم آں روز
کز دودِ غمت نباشدم سوز

مولنا نظامی

زلفِ تو دریدہ ہر چہ دل دوخت
ایں جامہ دری ورا کہ آموخت
اے راحتِ جانِ من کجائی
در بردنِ جانِ من چرائی
جُرمِ دلِ عذر خواہِ من چیست
جز دوستیت گناہِ من چیست
یک شب ز ہزار شب مرا باش
یک رائے صواب گو خطا باش
عشقِ تو ز دل نہادنی نیست
ایں راز بکس کُشادنی نیست
با شیر بہ تن درآمد ایں راز
با جاں بدر آید از تنم باز
آں را کہ خبر نہ ز آتشِ گرم
گو دست بروز ند بآزرم
ایں گفت و فتاد بر سرِ خاک
نظّارگیاں شدند غمناک

امیر خسرو

گیرم خوش و شادماں تواں زیست
ہیہات کہ بے تو چوں تواں زیست
فریاد کہ جاں ز غم زبوں شد
وز رخنۂ دیدہ دل بروں شد
آں تن کہ خمیدہ بود بشکست
واں دل کہ نداشتم شد از دست
سیلابِ بلا برآمد از فرق
کشتیم چہ سود چوں شدم غرق
بر سوزِ دلم کہ رستخیز است
انگشت منہ کہ شعلہ تیز است
ہر قطرۂ خوں بریں رخِ زرد
پندار کہ چشمہ ایست از درد
از دیدہ رود چو جوئے خونم
شیراں نکشند بوئے خونم
از شعلۂ آہ ۔ دردہا نم
پُر آبلہ بیں ہمہ زبانم

امیر خسرو

شادم بر خت کہ غم کند کم
پیشِ چو تو ئی و آنگہے غم
ور غم رسد از تو نیز شادم
ایں شادی و غم ہمیشہ یادم
مہرِ تو در استخوانِ من باد
دردِ تو دوائے جانِ من باد
مجنوں چو بدیں دمِ دل انگیز
از سینہ بروں زد آتشِ تیز
کوہ از جگرش بہ خوں در آمد
فریاد ز وحشیاں بر آمد

بہار

مولنا نظامی

چوں پردہ کشید گل بہ صحرا
شد خاک بروئے گل مطرّا
خندید شگوفہ بر درختاں
چوں سکّہ بروئے نیکبختاں

امیر خسرو

چوں نافہ کشاد بادِ نوروز
بشگفت بہارِ عالم افروز
ابر از صدفِ سپہر گیر
در گوشِ بنفشہ ریخت گوہر

مولنا نظامی

از لالۂ لعل و از گلِ زرد
گیتی علمِ دو رنگ بر کرد
سیرابیِ سبزہائے نوخیز
از لولوئے تر زمرد انگیز
لالہ زورق فشاند شنجرف
کافتاد سیاہیش بران حرف
زلفینِ بنفشہ از درازی
در پائے فتادہ وقت بازی
غنچہ کمر استوار می کرد
پیکاں کشی زخار می کرد
گل یافت ستبرقِ حریری
شد باد بگوشوان گیری
شمشاد بہ جعد شانہ کردن
گلنار بہ نار دانہ کردن
سنبل سرِ نافہ باز کردہ
گل دست بد و دراز کردہ

امیر خسرو

سرو از علمِ بلند پایہ
بر فرقِ سمن فگند سایہ
از شبنمِ گوہریں شمائل
آراست گلوئے گل حمائل
غنچہ بدر آمد از شبستاں
پر شیر شدش ز ابر پستاں
بید از سرِ خنجرِ گہر دار
شد بر سرِ یاسمن گہر بار
نازک تنِ لالۂ دل افروز
لرزندہ شد از نسیم نوروز
با شاہد و مے خجستہ ناماں
گشتند بہ سر چمن خراماں

مولنا نظامی

نرگس زدماغِ آتشیں تاب
چوں تب زدگان بجستہ از خواب
جوشیدنِ قطرہائے بادہ
خوں از رگِ ارغواں کشادہ

رنگینیٔ کلام و زورِ مضموں آفرینی مولنا نظامی کے یہاں ہی، مصوّریٔ فطرت امیر خسرو کے یہاں۔ اشعار ذیل مقابل پڑہو۔

مولنا نظامی

چوں پردہ کشید گل بہ صحرا — شد خاک بروئے گل مطرّا
لالہ ز ورق فشاند شنجرف — کافتاد سیاہیش براں حرف

امیر خسرو

چوں نافہ کشاد بادِ نوروز — بشگفت بہارِ عالم افروز
نازک تنِ لالۂ دل افروز — لرزندہ شد از نسیم نوروز

خزاں

مولنا نظامی

شرط است بوقتِ برگ ریزاں
